″	″	۷	وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِیْنَ ۔ اور اللہ خوب جانتا ہے ظالمون کو ÷
″	″	″	وَیَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ اور جانتا ہے جو کچھ بیچ جنگل کے ہے اور دریا کے ہے اور نہین کرتا کوئی بات مگر جانتا ہے اسکو اور نہ گرتا ہے کوئی دانہ بیچ اندھیرون زمین کے اور نہ کوئی ترا اور نہ کوئی خشک مگر بیچ کتاب بیان کرنے والی کے ہے ÷
۸	″	۱۶	وَلِکُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۔ وَمَا رَبُّکَ بِغَافِلٍ عَمَّا یَعْمَلُوْنَ ۔ اور واسطے ہر ایک کے درجے ہین اس چیز سے کہ کیا ہے انہون نے اور نہین پروردگار تیرا غافل اس چیز سے کہ کرتے ہین ÷
۹	الانفال	۳	وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ یَحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ۔ اور جانو یہ کہ اللہ حائل ہوتا ہے درمیان آدمی کے اور دل اس کے کے اور یہ کہ طرف اسکی اکٹھے کیئے جاؤگے ÷
″	″	۵	فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا یَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ پس اگر باز رہین پس تحقیق اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہین دیکھنے والا ہے ÷
″	″	۱۰	وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ اور اللہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو دیکھنے والا ہے ÷
″	″	″	اِنَّ اللّٰهَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۔ تحقیق اللہ ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ہے
۱۱	یونس	۵	ثُمَّ اللّٰهُ شَهِیْدٌ عَلٰی مَا یَفْعَلُوْنَ ۔ پھر اللہ شاہد ہے اوپر اسچیز کے کہ کرتے ہین ÷
″	″	۷	وَمَا تَکُوْنُ فِیْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا کُنَّا عَلَیْکُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِیْضُوْنَ فِیْهِ اور نہین ہوتا تو بیچ کسی حال کے اور نہین تلاوت کرتا تو اللہ کیطرف سے کچھ قران اور نہین کرتے تم سب لوگ کچھ کام مگر ہوتے ہین ہم اوپر تمہارے حاضر جب تم شروع کرتے ہیو اس کے ÷
″	″	″	وَمَا یَعْزُبُ عَنْ رَّبِّکَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِکَ وَلَآ اَکْبَرَ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ اور نہین چھپتی پروردگار تیرے سے کچھ چیز برابر بھنگے کی بیچ زمین کے اور نہ بیچ آسمانون کی اور نہ کوئی چیز چھوٹی اس سے اور نہ بڑی مگر بیچ کتاب بیان کرنیوالی کے ہے

پارہ	سورہ	رکوع	
۱۱	هود	۱	يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (از ماقبل باید دید) جانتا ہے جو کچھ چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں تحقیق وہ جانتا ہے سینے والی بات کو ◆
۱۲	"	۱۰	اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۔ تحقیق وہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں خبردار ہے ◆
"	"	"	اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۔ تحقیق وہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے
"	"	"	وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۔ اور نہیں ہے پروردگار تیرا بے خبر اس چیز سے کہ کرتے ہو
۱۳	ابراهیم	۶	رَبَّنَا اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ۔ اے رب ہمارے تحقیق تو جانتا ہے جو چھپاتے ہیں ہم اور جو ظاہر کرتے ہیں
"	"	"	وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۔ اور نہیں پوشیدہ اوپر اللہ کے کچھ بیچ زمین کے اور نہ بیچ آسمان کے ◆
"	"	۷	وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۔ اور ہر گز مت گمان کر اللہ کو بے خبر ہے اس چیز سے کہ کرتے ہیں ظالم ◆
۱۴	النحل	۲	وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۔ اور اللہ جانتا ہے جو چھپاتے ہو تم اور جو ظاہر کرتے ہو تم
"	"	۳	لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۔ نہیں شک ہے کہ اللہ جانتا ہے جو چھپاتے ہیں اور جو کچھ کہ ظاہر کرتے ہیں ◆
"	"	۴	بَلٰى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۔ فَادْخُلُوْا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ (تا آخر) یوں نہیں تحقیق اللہ جاننے والا ہے ساتھ اس چیز کے کہ تھے تم کرتے پس داخل ہو دروازوں میں دوزخ کے بیچ ◆
"	"	۳	اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ۔ تحقیق اللہ جانتا ہے جو کچھ کرتے ہو تم ◆
۱۵	بنی اسرائیل	۲	وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا بَصِيْرًا ۔ اور کفایت ہے پروردگار تیرا ساتھ گناہوں بندوں اپنے کے خبردار دیکھنے والا ◆
"	"	۶	وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ اور پروردگار تیرا خوب جانتا ہے ان لوگوں کو کہ بیچ آسمانوں اور زمین کے ہیں ◆
"	"	۱۱	اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا بَصِيْرًا ۔ تحقیق وہ ہے ساتھ بندوں اپنے کے خبردار دیکھنے والا
۱۶	طٰه	۱	فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ۔ تحقیق وہ جانتا ہے چھپے بھید کو اور بہت چھپے بھید کو
۱۷	الحج	۹	وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۔ اور اگر جھگڑیں تجھ سے پس کہہ اللہ خوب جانتا ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم ◆
"	"	"	اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۔ کیا نہیں جانتا تو یہ کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ

پارہ	سورۃ	رکوع	
			آسمان کے اور زمین کے ہے ÷
١٨	المؤمنون	۴	يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوا صَالِحًا إِنِّي بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ای پیغمبرو کہاؤ پاکیزہ چیزون سے اور کام کرو اچہے تحقیق مین ساتہہ اس چیز کے کہ کرتے ہو جاننے والا ہون
″	النور	۷	إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ تحقیق اللہ خبردار ہے ساتہہ اس چیز کے کہ کرتے ہو ÷
١٩	الفرقان	۵	وَكَفَىٰ بِهِ بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيرًا اور کفایت ہے وہ ساتہہ گناہون بندون اپنے کے خبردار ÷
١٩	الشعرا	١١	الَّذِي يَرَاكَ حِينَ تَقُومُ وَتَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِينَ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ جو دیکہتا ہے تجہکو جسوقت کہ اُٹہتا ہی تو اور پہرنا تیرا بیچ سجدہ کرنے والون کی تحقیق وہی ہے سننے والا جاننے والا
″	النمل	۲	أَلَّا يَسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُونَ وَمَا تُعْلِنُونَ یہہ کہ سجدہ کرین واسطے اللہ کے وہ جو نکالتا ہے چہپی چیزون کو بیچ آسمانون کے اور زمین کے اور جانتا ہے جو چہپاتے ہو اور جو ظاہر کرتے ہو ÷
٢٠	″	۷	وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ اور نہین پروردگار تیرا غافل اس چیز سے کہ کرتے ہو تم ÷
″	القصص	۷	وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ اور پروردگا تیرا جانتا ہے جو کچہہ کہ چہپاتے ہین سینے اُنکے اور جو کچہہ ظاہر کرتے ہین ÷
″	العنکبوت	١	أَوَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِمَا فِي صُدُورِ الْعَالَمِينَ کیا نہین خدا خوب جاننے والا اس چیز کو کہ بیچ سینون عالمون ہے ÷
٢١	″	۵	وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُونَ اور اللہ جانتا ہے جو کچہہ کرتے ہو تم
″	″	۶	يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ جانتا ہے جو کچہہ بیچ آسمانون اور زمین کے ہے ÷
″	لقمان	۲	يَا بُنَيَّ إِنَّهَا إِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِي صَخْرَةٍ أَوْ فِي السَّمَاوَاتِ أَوْ فِي الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ای چہوٹے بیٹے میرے تحقیق وہ چہوٹی چیز اگر ہو برابر ایک دانے رائی کے پس ہو بیچ آسمانون کے یا بیچ زمین کے لے آتا ہے اس کو اللہ تحقیق اللہ باریک دیکہنے والا خبردار ہے ÷
″	″	۳	إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ تحقیق اللہ جاننے والا ہے سینون والی بات کو
″	الاحزاب	۲	وَكَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرًا اور ہے اللہ ساتہہ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکہنے والا
٢٢	″	۶	وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَلِيمًا اور اللہ جانتا ہی جو کچہہ بیچ دلون تمہارے ہے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			اور ہے اللہ جانتے والا تحمل والا ❖
۲۲	الاحزاب	۶	وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ۔ اور ہے اللہ اوپر ہر چیز کے نگہبان ❖
؍	؍	۷	اِنْ تُبْدُوْا شَيْئًا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۔ اگر ظاہر کرو تم کچھ چیز یا پوشیدہ کرو اس کو پس تحقیق اللہ ہے ساتھ ہر چیز کے جاننے والا ❖
؍	؍	؍	وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ۔ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ۔ اور ڈرو اے عورتو اللہ سے تحقیق اللہ ہے اوپر ہر چیز کے حاضر ❖
؍	السبا	۱	وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۔ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاۗءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ۔ اور وہی ہے حکمت والا خبردار جانتا ہے جو کچھ کہ داخل ہوتا ہے بیچ زمین کے اور جو کچھ کہ نکلتا ہے اس مین سے اور جو کچھ کہ اترتا ہے آسمان سے اور جو کچھ چڑھتا ہے بیچ اسکے
؍	؍	۲	عَالِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۔ جاننے والا پوشیدہ کا نہین پوشیدہ اس سے برابر ایک بھنگے کے بیچ آسمانون کے اور نہ چھوٹا اس سے نہ بڑا مگر بیچ کتاب بیان کرنے والی کے
؍	الفاطر	۴	اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ۔ تحقیق اللہ ساتھ بندون اپنے کے البتہ خبردار ہے دیکھنے والا ہے
؍	؍	۵	اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۔ تحقیق اللہ جاننا پوشیدہ چیزین آسمانون کی اور زمین کی تحقیق جاننے والا ہے سینے والی بات کو ❖
۲۳	یٰس	۵	اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۔ تحقیق ہم جانتے ہین جو کچھ کہ پوشیدہ کرتے ہین اور جو کچھ کہ ظاہر کرتے ہین ❖
؍	الزمر	۱	اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۔ تحقیق وہ جاننے والا ہے سینون والی بات کو
۲۴	؍	۷	وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۔ اور وہ خوب جانتا ہے جو کچھ کرتے ہین ❖
؍	المؤمن	۲	يَعْلَمُ خَاۗىِٕنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ۔ جانتا ہے خیانت آنکھون کی اور جو کچھ چھپاتے ہین سینے
؍	؍	۵	اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۔ تحقیق اللہ دیکھنے والا ہے بندون کو ❖
؍	حم السجدہ	۵	اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۔ کرو جو کچھ چاہو تم تحقیق وہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے
۲۵	الشوریٰ	۳	اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۔ تحقیق وہ جانتا ہے سینون والی بات کو ❖

۲۵	الزخرف	۷	أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ ۚ بَلَىٰ وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُونَ کیا گمان کرتے ہین یہہ کہ ہم نہین سنتے آہستہ بولنا انکا اور مشورت کرنا انکا یون نہین بلکہ اور بھیجے ہوئے ہمارے پاس انکے لکھتے ہین ✣
۲۶	الفتح	۳	وَكَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرًا اور ہے اللہ ساتھہ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا
〃	〃	〃	وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا اور ہے اللہ ساتھہ ہر چیز کے جاننے والا ✣
〃	الحجرات	۲	إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ تحقیق اللہ جاننے والا خبردار ہے ✣
〃	〃	〃	وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ اور اللہ جانتا ہے جو کچھ بیچ آسمانون کے ہے اور جو کچھ بیچ زمین کے ہے اور اللہ ساتھہ ہر چیز کے جاننے والا ہے
〃	ق	۲	وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ اور جانتے ہین ہم جو کچھ کہ خطرہ کرتا ہے ساتھہ اسکے دل اسکا
〃	〃	〃	وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ اور ہم بہت نزدیک ہین طرف اسکی رگ جان سے
〃	〃	۳	نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ ۖ وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ہم خوب جانتے ہین جو کچھ کہتے ہین اور نہین تو اوپر ان کے زور کرنے والا ✣
۲۷	الطور	۲	وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا (تا آخر) اور صبر کر واسطے پروردگار اپنے کے پس تحقیق تو بیچ آنکھون ہماری کے ہے ✣
〃	الواقعۃ	۳	وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلَٰكِنْ لَا تُبْصِرُونَ اور ہم بہت نزدیک ہین طرف اس کی تم سے ولیکن نہین دیکھتے ہو تم ✣
〃	الحدید	۱	وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ اور وہ سب کچھ جانتا ہے ✣
〃	〃	〃	يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا جانتا ہے جو کچھ کہ داخل ہوتا ہے بیچ زمین کے اور جو کچھ نکلتا ہے اس سے اور جو کچھ اترتا ہے آسمان سے اور جو کچھ کہ چڑھتا ہے اس مین ✣
〃	〃	〃	وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ اور وہ ساتھہ تمہارے ہے جہان ہو تم اور اللہ ساتھہ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے ✣
〃	〃	〃	وَهُوَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ اور وہ جانتا ہے سینون والی بات کو ✣
〃	〃	〃	وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَىٰ ۚ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ اور ہر ایک کو وعدہ دیا ہے اللہ نے اچھا اور اللہ ساتھہ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے ✣

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۸	المجادلہ	۱	قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِي تُجَادِلُكَ فِي زَوْجِهَا وَتَشْتَكِي إِلَى اللّٰهِ تحقیق سنی اللہ نے بات اس عورت کی جو جہگڑتی تہی تجہہ سے بیچ خاوند اپنے کے اور شکایت کرتی تہی طرف اللہ کی ❖
〃	〃	〃	وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا إِنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ اور اللہ سنتا تہا جواب سوال تمہارا تحقیق اللہ سننے والا دیکہنے والا ہے ❖
〃	〃	〃	وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ اور اللہ ساتہہ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے ❖
〃	〃	〃	يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوا أَحْصَاهُ اللّٰهُ وَنَسُوهُ جسدن کہ اٹہادے گا ان کو اللہ سب کو پس خبر دیگا انکو ساتہہ اس چیز کے کہ کیا تہا گن رکہا تہا اسکو اللہ نے اور بہول گئے تہے وہ اسکو
〃	〃	〃	وَاللّٰهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ اور خدا اوپر ہر چیز کے شاہد ہے ❖
〃	〃	۲	أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ کیا نہیں دیکہا تونے یہہ کہ اللہ جانتا ہے جو کچہہ بیچ آسمانوں کے اور جو کچہہ بیچ زمین کے ہے ❖
〃	〃	〃	مَا يَكُونُ مِنْ نَجْوَىٰ ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَا أَدْنَىٰ مِنْ ذَٰلِكَ وَلَا أَكْثَرَ إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوا نہیں ہوتی مصلحت تین شخص کی مگر وہ چوتہا ان کا ہے اور نہ پانچ کی مگر وہ چہٹا ان کا ہے اور نہ کم اس سے اور نہ زیادہ مگر وہ ساتہہ انکے ہے جہاں کہیں ہووین
〃	〃	〃	ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ پہر خبر دیگا ان کو اس چیز کی کہ کرتے ہین دن قیامت کے تحقیق اللہ ساتہہ ہر چیز کے جاننے والا ہے ❖
〃	〃	〃	وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ اور اللہ ساتہہ ہر چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے ❖
〃	〃	〃	وَاللّٰهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ اور اللہ خبردار ہے ساتہہ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم ❖
〃	الحشر	۳	وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ اور ڈرو اللہ سے تحقیق اللہ خبردار ہے ساتہہ اس چیز کے کہ کرتے ہو
〃	الممتحنہ	۱	وَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا أَعْلَنْتُمْ اور مین خوب جانتا ہون اس چیز کو چہپاتے ہو تم اور جو ظاہر کرتے ہو تم
〃	〃	〃	وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ اور اللہ ساتہہ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکہنے والا ہے ❖
〃	المنفقون	۲	وَاللّٰهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ اور اللہ خبردار ہے ساتہہ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم ❖
〃	التغابن	۱	وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ اور اللہ ساتہہ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکہنے والا ہی
〃	〃	〃	يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ جانتا ہے جو کچہہ بیچ آسمانون کے اور زمین کے ہے اور جانتا ہے جو کچہہ پوشیدہ کرتے ہو تم اور جو کچہہ ظاہر کرتے ہو تم ❖
〃	〃	〃	وَاللّٰهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ اور اللہ جانتا ہے سینون والی بات کو ❖

۲۸	التغابن	۱	وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ اور الله ساتہہ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم خبردار ہے ÷
؎	؎	۲	وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اور الله ہر چیز کو جاننے والا ہے
؎	الطلاق	۲	وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝ اور یہہ کہ تحقیق الله نے گہیر لیا ہے ہر چیز کو علم مین
۲۹	الملک	۱	اِنَّهٗ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ تحقیق وہ جانتا ہے سینے والی بات کو ÷
؎	؎	؎	وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝ اور وہ باریک دیکہنے والا خبردار ہے ÷
؎	؎	۲	اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيْرٌ ۝ تحقیق وہ ہر چیز کو دیکہنے والا ہے ÷
۳۰	البروج	۱	وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ اور الله اوپر ہر چیز کے حاضر ہے ÷
؎	الفجر	۱	اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۝ تحقیق پروردگار تیرا البتہ بیچ گہات کے ہی ÷
؎	البلد	۱	اَيَحْسَبُ اَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ اَحَدٌ ۝ کیا گمان کرتا ہے یہہ کہ نہین دیکہا اسکو کسی نے ÷
؎	العلق	۱	اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ۝ کیا نہ جانا اس نے یہہ کہ الله دیکہتا ہے ÷

وعدہ وعہد ومیثاق وغیرہ

۱	البقرۃ	۳	وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ (الآیۃ) اور نہین گمراہ کرتا ساتہہ اسکے مگر فاسقون کو جو لوگ توڑتے ہین قول الله کا بیچ مضبوطی اُس کی کے ÷
؎	؎	۵	وَاَوْفُوْا بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ۝ اور پورا کرو عہد میرا پورا کرون گا مین عہد تمہارے کو اور مجہہ ہی سے پس ڈرو ÷
؎	؎	۹	قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ کہو کیا لیا ہے تمنے نزدیک الله کے قول پیر ہرگز نہ خلاف کریگا الله عہد اپنے کو ÷
؎	؎	۱۰	وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ (شکایت عہد شکنندگان و وبال عہد شکنی) اور جب لیا ہم نے قول بنی اسرائیل کا ÷
؎	؎	۱۱	وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ (شکایت شکنندگان) اور جب لیا ہمنے عہد تمہارا ÷
؎	؎	۱۲	اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ آیا جب باندہا انہونے عہد پہینک دیتا ہے اس کو ایک فرقہ ان مین سے بلکہ اکثر ان کے نہین ایمان لاتے ÷
۲	؎	۲۲	وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا (از اول و آخر تا الْمُتَّقُوْنَ ۝) اور پورا کرنے والے عہد اپنے کو جب عہد کرین ÷

۳	آل عمران	۸	بَلٰی مَنْ اَوْفٰی بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰی فَاِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ ۝ ۔ بلکہ جو کوئی پورا کرے عہد اپنے کو اور پرہیزگاری کرے پس تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے پرہیزگارون کو ؟
۳	؍؍	؍؍	اِنَّ الَّذِیْنَ یَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَیْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِیْلًا ۝ ۔ (نہایت بے نصیبی عہد اور قسم توڑنے والون کی) تحقیق جو لوگ مول لیتے ہین بدلے عہد اللہ کے اور قسمون اپنی کی مول تھوڑا
۶	النساء	۲۲	فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّیْثَاقَهُمْ ۔ پس بہ سبب توڑ ڈالنے انکے عہد اپنے کو ؟
؍؍	المائدہ	۱	یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۝ اے لوگو جو ایمان لائے ہو پورا کرو ساتھ عہدون کے
؍؍	؍؍	۳	وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ (تا سَوَآءَ السَّبِیْلِ ۝) اور تحقیق لیا اللہ نے عہد بنی اسرائیل کا
؍؍	؍؍	؍؍	فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّیْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِیَةً (تا آخر) پس بہ سبب توڑنے انکے عہد اپنے کو لعنت کیا ہم نے ان کو اور کر دیا ہم نے دلون ان کے کو سخت ؟
۹	الاعراف	۱۳	وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ وَّجَدْنَاۤ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِیْنَ ۝ اور نہین پایا ہمنے واسطے بہتون کے ان سے قایم رہنا اوپر عہد کے اور تحقیق پایا ہمنے بہتون انکے کو فاسق
؍؍	؍؍	۱۶	قَالُوْا یٰمُوْسَی ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ (از پیش وپس چند آیات تا یَعْرِشُوْنَ ۝ شکایت عہد شکنی قبطیان ووبال آن) ای موسیٰ دعا کر واسطے ہمارے پروردگار اپنے سے ساتھ اس چیز کے کہ قرار کر رکھا ہے نزدیک تیرے ؟
۱۰	الانفال	۷	اَلَّذِیْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ یَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِیْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَا یَتَّقُوْنَ ۝ (از پیش وپس ۳ آیات) وہ لوگ کہ عہد باندھا تو نے انسے پھر توڑ ڈالتے ہین عہد اپنا پیچ ہر بار کے اور وہ نہین بچتے
؍؍	التوبۃ	۱	فَاَتِمُّوْۤا اِلَیْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰی مُدَّتِهِمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ ۝ ۔ پس پورا کرو طرف انکی عہد انکا مدت انکی تک تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے پرہیزگارون کو ؟
؍؍	؍؍	۱۰	وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ ۔ (تا ۳ آیات شکایت عہد شکنان ووبال آن) اور بعض ان مین سے وہ ہین کہ عہد کیا ہے اللہ سے ؟
؍؍	؍؍	؍؍	فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِیْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰی یَوْمِ یَلْقَوْنَهٗ بِمَاۤ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا یَكْذِبُوْنَ پس اثر دے گیا ان کو نفاق بیچ دلون انکے کے اس دن تک کہ ملاقات کرینگے اس سے بسبب اسکے کہ خلاف کیا تھا اللہ سے جو وعدہ کیا تھا اس سے اور بہ سبب اسکے کہ تھے جھوٹ بولتے
۱۱	؍؍	۱۴	وَمَنْ اَوْفٰی بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ اور کون شخص بہت پورا کرنیوالا ہے عہد اپنے کو اللہ سے ؟
۱۳	الرعد	۳	الَّذِیْنَ یُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا یَنْقُضُوْنَ الْمِیْثَاقَ ۝ (چند آیات از پیش وپس تا عُقْبَی الدَّارِ)

پاره	سورة	رکوع	
			وہ لوگ کہ پورا کرتے ہین عہد اللہ کے کو اور نہین توڑتے عہد کو ÷
۱۳	الرعد	۳	وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ (تا لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ۝) اور جو لوگ کہ توڑتے ہین عہد خدا کا ÷
۱۴	النحل	۱۳	وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عَاهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ۝ اور پورا کرو عہد اللہ کا جب عہد باندھو تم اور مت توڑو قسمون کو پیچھے مضبوطی انکی کے اور تحقیق کیا تم نے اللہ کو اوپر اپنے ضامن ÷
〃	〃	〃	وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا (تا عَظِيْمٌ ۝) اور مت پکڑو قسمون اپنیون کو دخل دینے والین درمیان اپنے پس ڈگمگا دے گا قدم پیچھے ثابت ہونے اسکے کے
〃	〃	〃	وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا (تا ۳ آیات تا يَعْمَلُوْنَ) اور مت مول لو بدلے عہد کے مول تھوڑا سا
۱۵	بنی اسرائیل	۱۴	وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا ۝ اور پورا کرو عہد تحقیق عہد سے سوال کیا گیا ÷
۱۶	مریم	۴	وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ۝ اور یاد کر بیچ کتاب کے اسمعیل کو تحقیق وہ تھا سچا وعدے کا اور تھا پیغمبر نبی ÷
〃	〃	〃	اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ۝ تحقیق ہے وعدہ اس کا لایا ہوا ÷
〃	〃	〃	لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝ نہین اختیار پاوینگے شفاعت کا مگر جس نے لیا ہوگا نزدیک اللہ کے عہد ÷
۱۸	المؤمنون	۱	وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝ (چہار آیات تا خٰلِدُوْنَ ۝) اور وہ جو امانتون اپنی کو اور عہد اپنے کو رعایت کرنے والے ہین ÷
۲۱	لقمٰن	۴	وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ۝ اور نہین انکار کرتا ساتھ نشانیون ہماری کی مگر ہر ایک عہد توڑنے والا کفر کرنے والا ÷
۲۱	الاحزاب	۲	وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا ۝ اور ہے عہد خدا کا سوال کیا گیا ÷
〃	〃	۳	وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ۝ اور جس وقت دیکھا ایمان والون نے جماعتون کافرون کی کو کہا یہہ ہے جو وعدہ دیا ہے ہم کو اللہ نے اور رسول اسکے نے اور سچ کہا تھا اللہ نے اور رسول اس کے نے اور نہ زیادہ کیا انکو مگر ایمان اور طاعت کرنا ÷
〃	〃	〃	مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۔ (تا ۳ آیات) بعضے مسلمانون میں سے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			وہ مردہین جو سچ کیا انھون نے اس چیز کو عہد باندہا تہا اللہ سے ✣
۲۶	الفتح	۱	فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۔ پس جسنے عہد توڑا پس سوا اسکے نہین کہ عہد توڑا اوپر جان اپنی کے اور جسنے وفا کی ساتہہ اس چیز کے کہ عہد کیا ہے اوپر اس کے اللہ سے پس شتاب دیگا اس کو ثواب بڑا ✣
۲۸	الصف	۱	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۔ ای لوگو جو ایمان لائے ہو کیون کہتے ہو جو کچہہ کہ نہین کرتے ✣
۔	۔	۔	كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۔ برا ہے ناخوشی مین نزدیک خدا کے یہ کہ کہو جو کچہہ کہ نہین کرتے ✣
۲۹	المعارج	۱	وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۔ (چار آیات تا مُكْرَمُوْنَ ۔) اور وہ لوگ واسطے امانتون اپنی کے اور عہد اپنے کے رعائت کرنے والے ہین ✣

مشورہ کرنا

پارہ	سورۃ	رکوع	
۴	آل عمران	۱۷	وَشَاوِرْهُمْ فِى الْاَمْرِ ۔ اور مصلحت کر ان سے بیچ کام کے ✣
۱۹	النمل	۳	قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِىْ فِىْۤ اَمْرِىْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ۔ کہا ای سردارو جواب دو مجہکو بیچ کام میرے کے نہین ہین فیصل کرتی کسی کام کو یہان تک کہ حاضر ہو تم ✣
۲۵	الشورٰی	۴	وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۔ (از پیش و پس باید دید) اور کام انکا مشورت ہی درمیان ان کے

آسان ہونا دین کا

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲	البقرۃ	۲۳	يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۔ ارادہ کرتا ہے اللہ ساتہہ تمہارے آسانی کو اور نہین ارادہ کرتا ہے ساتہہ تمہارے دشواری کو ✣
۵	النساء	۵	يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ۔ ارادہ کرتا ہے اللہ یہہ کہ ہلکا کرے تم سے اور پیدا کیا گیا ہے آدمی ناتوان ✣
۶	المائدۃ	۲	مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۔ نہین ارادہ کرتا اللہ تو کہ کرے اوپر تمہارے کچہہ تنگی ولیکن ارادہ کرتا ہے تو کہ پاک کرے تم کو اور تو کہ پوری کرے نعمت اپنی اوپر تمہارے تو کہ تم شکر و ✣

پاره	سورة	رکوع	
۱۰	التوبة	۱۲	لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاۤءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (تا رَحِيْمٌ) نہین اوپر ناتوانون کے اور نہ اوپر بیمارون کے اور نہ اوپر لوگون کے کہ نہین پاتے وہ چیز کہ خرچ کرین تنگی جب خیرخواہی کرین واسطے اللہ کے اور رسول اسکیکو
۱۷	الحج	۱۰	هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِى الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ اس نے برگزیدہ کیا تم کو اور نہین کی اوپر تمہارے بیچ دین کے کچھ تنگی ÷
۱۸	النور	۸	لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ بَعْدَهُنَّ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ نہین اوپر تمہارے اور نہ اوپر ان کے گناہ پیچھے اُنکے پھرنے والے ہین اوپر تمہارے بعضے تمہارے اوپر بعض کے
〃	〃	〃	لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ (تا تَعْقِلُوْنَ) نہین اوپر اندھے کے تنگی اور نہ اوپر لنگڑے کے تنگی اور نہ اوپر بیمار کے تنگی ÷
			اقسام محبت و ولایت و دوستی و خلت
۲	البقرة	۲۰	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ اور بعض لوگون مین سے وہ ہین کہ پکڑتے ہین سوائے اللہ کے شریک محبت کرتے ہین انسے جیسے محبت خدا کی
〃	〃	〃	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ اور جو لوگ کہ ایمان لائے ہین زیادہ ہین محبت مین واسطے اللہ کے
〃	〃	۲۴	اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے نیکی کرنیوالون کو ÷
〃	〃	۲۵	وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ اور اللہ نہین دوست رکھتا فساد کو ÷
〃	〃	۲۶	عَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَعَسٰۤى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ اور شاید کہ مکروہ رکھو تم ایک چیز کو اور وہ بہتر ہو واسطے تمہارے اور شاید کہ دوست رکھو تم ایک چیز کو اور وہ بری ہو واسطے تمہارے اور اللہ جانتا ہی اور تم نہین جانتے
〃	〃	۲۸	اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ تحقیق اللہ دوست رکھتا ہی توبہ کرنی والون کو اور دوست رکھتا ہے پاکی کرنے والون کو ÷
۳	〃	۳۴	اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ اور اللہ دوستدار ہے ان لوگون کا جو ایمان لائے نکالتا ہے اُن کو اندہیرون سے طرف روشنی کی ÷
〃	〃	〃	وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ اور جو لوگ کافر ہوئے دوست انکے شیطان ہین نکالتے ہین اُن کو روشنی سے طرف اندہیرون کی

پارہ	سورة	رکوع	
۳	آل عمران	۳	لَا یَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْکٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۚ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِکَ فَلَیْسَ مِنَ اللّٰہِ فِیْ شَیْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ۚ وَیُحَذِّرُکُمُ اللّٰہُ نَفْسَهٗ ۚ وَاِلَی اللّٰہِ الْمَصِیْرُ ۔ نہ پکڑین مسلمان کافرون کو دوست سوائے مسلمانون کے اور جو کوئی کرے یہہ پس نہین اللہ سے بیچ کسی چیز کے مگر یہہ کہ بچو تم اس سے بچو کر اور ڈراتا ہی تم کو اللہ ذات اپنی سے اور طرف اللہ کی ہی پھر جانا ہے
〃	〃	〃	وَاللّٰہُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ۔ اور اللہ شفقت کرنے والا ہے ساتھ بندون کے ÷
〃	〃	۴	قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ ۔ کہو اگر ہو تم چاہتے اللہ کو پس پیروی کرو میری چاہے تم کو اللہ اور بخشے واسطے تمہارے ÷
〃	〃	〃	فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْکٰفِرِیْنَ ۔ پس اگر پھر جاوین پس تحقیق اللہ نہین دوست رکھتا کافرون کو
۴	〃	۱۲	یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِکُمْ (تا تَعْقِلُوْنَ ۔) اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پکڑو دوست ولی سوائے اپنے سے ÷
〃	〃	〃	هٰٓاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا یُحِبُّوْنَکُمْ (تا الصُّدُوْرِ ۔) خبردار ہو تم وہ لوگ ہو کہ دوست رکھتے ہو ان کو اور نہین دوست رکھتے وہ تم کو ÷
〃	〃	۱۴	وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۔ اور اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنے والون کو ÷
〃	〃	〃	وَاللّٰہُ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیْنَ اور اللہ نہین دوست رکھتا ظالمون کو ÷
〃	〃	۱۷	اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَوَکِّلِیْنَ ۔ تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے توکل کرنیوالون کو ÷
۵	〃	۲۰	بَشِّرِ الْمُنٰفِقِیْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِیْمَا ۙ الَّذِیْنَ یَتَّخِذُوْنَ الْکٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۔ اَیَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰہِ جَمِیْعًا (تا چند آیات موید این مضمون) خوشخبری دے منافقون کو ساتھ اس کے کہ واسطے انکے عذاب ہے درد دینے والا وہ لوگ جو پکڑتے ہین کافرون کو دوست سوائے مسلمانون کے آیا چاہتے ہین نزدیک انکے عزت پس تحقیق عزت واسطے اللہ کے ہے تمام ÷
〃	〃	〃	اِنَّ اللّٰہَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِیْنَ وَالْکٰفِرِیْنَ فِیْ جَهَنَّمَ جَمِیْعًا ۔ تحقیق اللہ جمع کرنیوالا ہے منافقون کو اور کافرون کو بیچ دوزخ کے سب کو ÷
〃	〃	〃	یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْکٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۚ اَتُرِیْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰہِ عَلَیْکُمْ سُلْطٰنًا مُّبِیْنًا ۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پکڑو کافرون کو دوست سوائے مسلمانون کے کیا چاہتے تم یہہ کہ کرو واسطے اللہ کے اوپر اپنے غلبہ ظاہر ÷

پارہ	سورۃ	رکوع	
۵	النساء	۲۰	إِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْأَسْفَلِ (تا آخر مؤید این مضمون) تحقیق منافق بیچ درجہ نیچے کے ہین
۶	المائدہ	۸	لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰى أَوْلِيَاءَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَإِنَّهٗ مِنْهُمْ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۔ مت پکڑو یہود کو اور نصاری کو دوست بعضے ان کے دوست ہین بعض کے اور جو کوئی دوست پکڑے انکو تم مین سے پس تحقیق وہ انہین مین سے ہے تحقیق اللہ دوست نہین رکھتا قوم ظالمون کو ؛
〃	〃	〃	فَسَوْفَ يَأْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ پس البتہ لاوے گا اللہ ایک قوم کو کہ پیار کرتا ہے انکو اور پیار کرتے ہین وہ اس کو نرمی کرنے والے ہین اوپر مسلمانون کے سختی کرنے والے ہین اوپر کافرون کے ؛
〃	〃	〃	إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ۔ سوائے اس کے نہین کہ دوست تمہارا اللہ ہے اور رسول اس کا وہ لوگ کہ ایمان لائے وہ لوگ کہ قایم رکھتے ہین نماز کو اور دیتے ہین زکوۃ کو اور وہ رجوع کرنے والے ہین ؛
〃	〃	〃	وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَإِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۔ اور جو کوئی دوست رکھے اللہ کو اور رسول اسکے کو اور ان لوگون کو کہ ایمان لائے پس تحقیق گروہ اللہ کا وہی ہین غالب
〃	〃	۹	يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَاءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پکڑو ان لوگون کو جو پکڑتے ہین دین تمہارے کو ٹھٹھا اور کھیل ان لوگون مین سے کہ دیے گئے ہین کتاب پہلے تم سے اور نہ کافرون کو دوست اور ڈرو اللہ سے اگر ہو تم ایمان والے ؛
〃	〃	۱۰	وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ اور اللہ نہین دوست رکھتا فساد کرنے والون کو ؛
〃	〃	۱۱	تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا (دو آیت تا فٰسِقُوْنَ) شکایت بعضے بنی اسرئیل یا منافقان در باب دوستی کفار) دیکھتا ہے تو بہت کو انمین سے دوستی کرتے ہین ان لوگون کی جو کافر
〃	〃	〃	لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ أَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ أَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْا إِنَّا نَصٰرٰى ؛ البتہ پاویگا تو زیادہ سب لوگون سے عداوت مین واسطے ان لوگون کے کہ ایمان لائے ہین یہود کو اور ان لوگون کو کہ شریک کرتے ہین اور البتہ پاویگا تو نزدیک انکا دوستی مین واسطے ان لوگون کے کہ ایمان لائے ہین ان لوگون کو کہ کہتے ہین تحقیق ہم نصارے ہین ؛

پارہ	سورۃ	رکوع	
۷	المائدۃ	۱۲	اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ۔ تحقیق اللہ نہین دوست رکہتا ہے حد سے نکل جانے والون کو ۞
"	"	"	وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۔ اور اللہ دوست رکہتا ہے احسان کرنے والون کو ۞
"	الانعام	۲	قُلْ اَغَیْرَ اللّٰہِ اَتَّخِذُ وَلِیًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ یُطْعِمُ وَلَا یُطْعَمُ ۔ کہہ کیا سوائے خدا کے پکڑونگا مین دوست وہ جو پیدا کرنے والا آسمانون اور زمین کا ہے اور وہی کہلاتا ہے اور نہ کہلایا جاتا ہے ۞
"	"	۶	لَیْسَ لَھُمْ مِّنْ دُوْنِہٖ وَلِیٌّ وَّلَا شَفِیْعٌ ۔ نہین واسطے انکے سوا اس کے کوئی دوست اور نہ شفاعت کرنیوالا
"	"	۸	وَذَکِّرْ بِہٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌ بِمَا کَسَبَتْ لَیْسَ لَھَا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَلِیٌّ وَّلَا شَفِیْعٌ ۔ اور نصیحت کر ساتہہ اس کے کہ ہلاک مین سونپا جاوے ہر ایک جی بسبب اس چیز کے کہ کمایا ہے نہ ہووے واسطے اس کے سوائے اللہ کے کوئی دوست اور شفاعت کرنیوالا ۞
۱۰	التوبۃ	۱	اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ ۔ تحقیق اللہ دوست رکہتا پرہیزگارون کو
"	"	۳	یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَکُمْ وَاِخْوَانَکُمْ اَوْلِیَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْکُفْرَ عَلَی الْاِیْمَانِ ؕ وَمَنْ یَّتَوَلَّھُمْ مِّنْکُمْ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پکڑو باپون اپنے کو اور بہائیون اپنے کو دوست اگر دوست رکہین کفر کو اوپر ایمان کے اور جو کوئی دوست رکہے ان کو تم مین سے پس یہ لوگ وہی ہین ظالم ۞
"	"	"	قُلْ اِنْ کَانَ اٰبَآؤُکُمْ (تا الْفٰسِقِیْنَ ۔ غیر اللہ سے زیادہ محبت رکہنا موجب عذاب ہے) کہہ اگر ہووین باپ تمہارے ۞
"	"	۹	وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُھُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ ۔ اور ایمان والے اور ایمان والیان بعضے انکے دوست ہین بعض کے ۞
"	"	۱۳	وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُطَّھِّرِیْنَ ۔ اور اللہ دوست رکہتا ہے پاکی کرنے والون کو ۞
۱۱	یونس	۷	اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۔ (تا ۳ آیات) خبردار ہو تحقیق دوست خدا کے نہین ڈر اوپر انکے اور نہ وہ غمگین ہون گے
۱۲	ھود	۵	وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِیْنَ ۔ اور مت پہر جاؤ گنہگار ہوکر ۞
"	"	۱۰	وَلَا تَرْکَنُوْٓا اِلَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّکُمُ النَّارُ وَمَا لَکُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ مِنْ اَوْلِیَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۔ اور مت جہکو طرف ان لوگون کی کہ ظلم کرتے ہین پس لگے گی تم کو آگ اور نہین واسطے تمہارے سوائے اللہ کے کوئی دوست پہر نہین مدد دیئے جاؤ گے ۞

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۴	النحل	۳	اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ۔ تحقیق وہ نہین دوست رکھتا تکبر کرنے والون کو ÷
۱۵	بنی اسرائیل	۸	وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ۔ (از ماقبل با بعدید) اور اس وقت البتہ پکڑتے تجھکو دوست
〃	〃	〃	وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيْلًا ۔ اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ۔ اور اگر نہ ثابت رکھتے ہم تجھکو البتہ تحقیق تو دیک تہا تو کہ جہکے جاوے طرف انکی کچھہ تہوڑا اس وقت البتہ چکہاتے ہم تجھکو دوگنا عذاب زندگانی دنیا کا اور دوگنا عذاب موت کا پہر نہ پاتا تو واسطے اپنے اوپر ہمارے مدد دینے والا ÷
۱۶	الکہف	۱۲	اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ۔ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ۔ کیا پس گمان کیا ہے ان لوگون نے جو کافر ہوئے یہہ کہ پکڑین بندون میری کو سوا میرے دوست تحقیق ہم نے تیار کیا ہے دوزخ کو واسطے کافرون کے مہمانی ÷
۱۹	الفرقان	۳	يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا (سہ آیات از پیش و پس) اے ولائے ہے مجھکو کاشکے نہ پکڑتا مین فلانے کو دوست ÷
۲۰	العنکبوت	۴	مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۔ (تا آخر) مثال ان لوگون کی کہ پکڑتے ہین سوائے اللہ کے دوست مانند مکڑی کی ہے کہ بناتی ہے گہر ÷
۲۱	الروم	۳	وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۔ اور نشانیون اسکی سے یہہ کہ پیدا کیا واسطے تمہارے آپس تمہارے سے جوڑا تو کہ آرام پکڑو تم طرف اس کی اور کیا درمیان تمہارے پیار اور مہربانی ÷
〃	لقمٰن	۲	اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۔ تحقیق اللہ نہین دوست رکھتا ہر تکبر کرنیوالے شیخی کرنیوالے کو ÷
۲۵	〃	۱	وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ اور جن لوگون نے کہ پکڑتے ہین سوا اسکے کارساز اللہ نگہبان ہے اوپر ان کے اور نہین تو اوپر ان کے داروغہ
〃	〃	〃	اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۔ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ کیا پکڑے ہین انہون نے سوائے اس کے کارساز پس اللہ وہ ہے کارساز اور وہی زندہ کرتا ہے مردون کو اور وہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ÷
〃	〃	۴	اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۔ تحقیق وہ نہین دوست رکھتا ظالمون کو ÷
〃	الجاثیہ	۲	وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ اور تحقیق ظالم بعضے ان کے دوست ہین بعضے کے
〃	〃	〃	وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ۔ اور اللہ دوست ہے پرہیزگارون کا ÷

پارہ	سورہ	رکوع	
۲۷	الحدید	۳	وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ ۙ اور اللہ نہین دوست رکہتا ہر تکبر کرنیوالے فخر کرنیوالے کو ؛
۲۸	المجادلہ	۳	اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ؕ کیا نہ دیکہا تو نے طرف ان لوگون کی کہ دوستی کرتے ہین اُس قوم سے کہ غصہ ہوا اللہ اوپر انکے نہین وہ تم مین سے اور نہ انہین سے اور قسم کہاجاتے ہین اوپر جہوٹ کے اور وہ جانتے ہین
〃	〃	〃	لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَاۗدُّوْنَ مَنْ حَاۗدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَاۗءَهُمْ اَوْ اَبْنَاۗءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ (تا هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ) ؛ نہ پاویگا تو کسی قوم کو کہ ایمان لاتے ہون ساتہ اللہ کے اور دن پچہلے کے دوستی کرین اس شخص سے کہ مخالفت کیا اللہ کا اور رسول اسکے کا اگرچہ ہون باپ انکے یا بیٹے انکے یا بہائی انکے یا کنبا انکا یہ لوگ
〃	الحشر	۱	يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ - (از پیش ولپس بدید) دوست رکہتے ہین انکو جو وطن چہوڑ کر آئے انکی طرف
〃	الممتحنہ	۱	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَاۗءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ (۳ آیات تا بصیر) اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت پکڑو دشمن میرے کو اور دشمن اپنے کو دوست کہ پیغام بہیجتے ہو تم طرف انکی ساتہ محبت کے ؛
〃	〃	〃	اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓي اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۔ سوای اسکے نہین کہ منع کرتا ہی تمکو اللہ ان لوگون سے کہ لڑے تم سے بیچ دین کے اور نکالدیا تم کو گہرون تمہارے سے اور مددگاری کی اوپر نکالدینے تمہارے کی یہہ کہ دوستی کرو تم ان سے اور جو کوئی دوستی کرے انسے پس وہی لوگ ہین ظالم
〃	〃	〃	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت دوستی کرو اس قوم سے کہ غصہ ہوا اللہ اوپر انکے ؛
〃	الصف	۱	اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ تحقیق اللہ دوست رکہتا ہے ان لوگون کو کہ لڑتے ہین بیچ راہ اسکے کہ صف باندہ کر گویا کہ عمارت ہین سیسہ پلائی ہوئی

سلام کا بیان

۵	النساء	۱۳	وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۔ اور مت کہو اسکو جو ڈالے طرف تمہاری سلام علیکم نہین تو مسلمان ؛
۷	الانعام	۶	وَاِذَا جَاۗءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ (تا رحیم) اور جب [illegible]

پارہ	سورۃ	رکوع	
			پاس وہ کہ ایمان لاتے ہین ساتھ نشانیون ہماری کے پس کہو سلامتی ہے اوپر تمہارے
١١	یونس	١	وَتَحِیَّتُہُمْ فِیْہَا سَلٰمٌ ۔ اور دعا ملاقات انکی کی بیچ اس کے سلام ہے ÷
١٢	ھود	٤	قِیْلَ یٰنُوْحُ اھْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَکٰتٍ عَلَیْکَ وَعَلٰٓی اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَکَ ۔ کہا گیا ای نوحؑ اتر ساتھ سلامتی کے ہماری طرف سے اور برکتون کے اوپر تیرے اور اوپر امتون کے ان لوگون مین سے کہ ساتھ تیرے ہین ÷
〃	〃	٧	وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰھِیْمَ بِالْبُشْرٰی قَالُوْا سَلٰمًا ۔ قَالَ سَلٰمٌ ۔ اور البتہ تحقیق آئے بھیجے ہوئے ہمارے ابراہیمؑ کے پاس ساتھ خوشخبری کے کہنے لگے کہ سلام بھیجتے ہین ہم کہا سلام ہے
١٣	الرعد	٣	سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ ۔ سلامتی ہے اوپر تمہارے بسبب اس کے کہ صبر کیا تم نے پس اچھی ہے پچھاڑی گھر کی ÷
〃	ابراھیم	٤	تَحِیَّتُہُمْ فِیْہَا سَلٰمٌ ۔ دعا ملاقات ان کی کی بیچ اس کے سلام ہے ÷
١٤	الحجر	٤	اُدْخُلُوْھَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِیْنَ ۔ داخل ہو اُن مین ساتھ سلامتی کے امن سے ÷
〃	〃	〃	وَنَبِّئْھُمْ عَنْ ضَیْفِ اِبْرٰھِیْمَ اِذْ دَخَلُوْا عَلَیْہِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۔ اور خبر دے ان کو مہمانون ابراہیمؑ کے سے جس وقت داخل ہوئے اوپر اس کے پس کہا انہون کہ سلام کرتے ہین ہم ÷
.	النحل	٤	یَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَیْکُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّۃَ بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۔ سلامتی ہے اوپر تمہارے داخل ہو بہشت مین بسبب اس کے کہ تھے عمل کرتے ÷
١٦	مریم	١	وَسَلٰمٌ عَلَیْہِ یَوْمَ وُلِدَ وَیَوْمَ یَمُوْتُ وَیَوْمَ یُبْعَثُ حَیًّا ۔ اور سلام ہے اوپر اس کے جس دن پیدا ہوا اور جس دن مرا اور جس دن اٹھے گا زندہ ہو کر ÷
〃	〃	٢	وَالسَّلٰمُ عَلَیَّ یَوْمَ وُلِدْتُّ وَیَوْمَ اَمُوْتُ وَیَوْمَ اُبْعَثُ حَیًّا ۔ اور سلامتی ہے اوپر میرے جس دن پیدا ہوا مین اور جس دن مرون گا مین اور جس دن اٹھون گا مین زندہ ہو کر ÷
〃	〃	٣	قَالَ سَلٰمٌ عَلَیْکَ سَاَسْتَغْفِرُ لَکَ رَبِّیْ ۔ (ف نیکی کردن با بدی کنندہ در رعایت حق پدر) کہا سلامتی ہے اوپر تیرے البتہ بخشش مانگون گا مین واسطے تیرے رب اپنے کو ÷
〃	〃	٤	لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْہَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ۔ نہین سنین گے بیچ اس کے بیہودہ کو مگر سلام ÷
〃	طٰہٰ	٢	وَالسَّلٰمُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی ۔ اور سلامتی اوپر اس شخص کے ہے کہ پیروی کرے ہدایت کی
١٨	النور	٤	یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا غَیْرَ بُیُوْتِکُمْ حَتّٰی تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓی اَھْلِھَا ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ ۔ ای لوگو جو ایمان لائے ہو مت داخل ہو گھرون مین سوائے گھرون

پاره	سورة	رکوع	
			اپنون کے یہان تک کہ اذن لیو اور سلام کرد اوپر رہنے والون ان کے یہہ کہ بہتر ہے واسطے تمہارے توکہ تم نصیحت پکڑو ❖
۱۸	النور	۸	فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ۚ پس جس وقت کہ داخل ہو تم گہرون مین پس سلام بہیجو اوپر آپس اپنے کے دعا مقرر کی ہوئی نزدیک خدا کے برکت والی پاکیزہ
۱۹	الفرقان	۶	وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۝ اور جس وقت کہ بات کرتے ہین انسے جاہل کہتے ہین کہ سلام
〃	〃	〃	وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ۝ اور پہونچائے جاوینگے بیچ اس کے دعا و زندگی اور سلامتی
〃	النمل	۴	قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ۚ کہو سب تعریف واسطے اللہ کے ہی اور سلام اوپر بندون اسکے کے جن کو برگزیدہ کیا ❖
۲۰	القصص	۶	سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ۝ (ور مقابلہ لغو) سلام رخصت کا ہے اوپر تمہارے نہین چاہتے ہم جاہلون کو ❖
۲۲	الاحزاب	۶	تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚ دعا اُن کی جس دن ملاقات کرینگے اس سے سلام ہے ❖
〃	〃	۷	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ اے لوگو جو ایمان لائے ہو درود بہیجو اوپر اسکے اور سلام بہیجو سلام بہیجنا ❖
۲۳	یٰسٓ	۴	سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ سلام کہا جاویگا پروردگار مہربان کی طرف سے ❖
〃	الصّٰفّٰت	۳	سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝ سلامتی ہوجیو اوپر نوحؑ کے بیچ سب عالمون کے ❖
〃	〃	〃	سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝ سلامتی ہوجیو اوپر ابراہیمؑ کے ❖
〃	〃	۴	سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ سلام ہوجیو اوپر موسےؑ اور ہارونؑ کے ❖
〃	〃	〃	سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ۝ سلامتی ہوجیو اوپر الیاسؑ کے ❖
〃	〃	۵	وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اور سلامتی ہے اوپر پیغمبرون کے ❖
۲۴	الزمر	۸	سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ۝ سلامتی ہوجیو اوپر تمہارے خوش حال ہوئے تم پس داخل ہو اس مین ہمیشہ رہنے والے ❖
۲۵	الزخرف	۷	فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ پس منہ پہیر لے اُن سے اور کہو سلامتی مانگتے ہین ہم شر تمہاری سے پس البتہ جان لیوینگے ❖
۲۶	الذّٰریٰت	۱	اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ ۚ جس وقت کہ داخل ہوئے اوپر اس کے پس کہا انہون نے سلام ہے کہا سلام ہے ❖

پارہ	سورة	رکوع	
۲۷	الواقعة	۱	اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ۔ مگر کہنا سلام ہے سلام ہے ÷
"	"	۳	فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۔ پس سلامتی ہے تجھکو داہنی طرف والون سے ÷
۲۸	الحشر	۳	اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ ۔ بادشاہ ہے بہت پاک سلامت سب عیب سے ÷
۳۰	القدر	۱	سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۔ سلامتی ہے وہ یہان تک کہ طلوع ہو فجر

خصومت وفیصلہ ووکالت وشہادت وغیرہ

پارہ	سورة	رکوع	
۱	البقرة	۵	وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۔ اور مت ملاؤ سچ کو ساتھہ جھوٹ کے اور مت چھپاؤ حق کو اور تم جانتے ہو ÷
"	"	۱۶	وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۔ اور کون ہے بہت ظالم اس شخص سے کہ چھپایا ہے گواہی جو پاس اس کے ہے اللہ سے ÷
۲	"	۲۶	وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۔ اور اُتاری ساتھہ اُن کے کتاب ساتھہ حق کے تو کہ حکم کرے درمیان لوگون کے بیچ اس چیز کے کہ اختلاف کرتے ہین بیچ اس کے ۔
"	"	"	فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ۔ (تا مُسْتَقِيْمٍ) پس ہدایت کی اللہ نے ان لوگون کو کہ ایمان لائے ہین واسطے اس چیز کے کہ اختلاف کیا انھون نے بیچ اُس کے
۳	"	۳۹	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا (تا آخر رکوع بیان کتابت وشہادت ورہن وامانت ومنع کتمان شہادت) اے لوگو جو ایمان لائے ہو ÷
۵	النسآء	۶	وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۔ اور اگر ڈرو تم خلاف سے درمیان اُن دونون کے پس مقرر کرو تم ایک منصف مرد کے لوگون مین سے اور ایک منصف عورت کے لوگون مین سے ÷
"	"	"	اِنْ يُّرِيْدَاۤ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ۔ اگر ارادہ کرین یعنے دو منصف صلح کروانا توفیق دیگا اللہ درمیان ان دونون کے تحقیق اللہ ہے جاننے والا خبردار ÷
"	"	۸	وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۔ اور جب حکم کرو درمیان لوگون کے یہ کہ حکم کرو ساتھہ انصاف کے تحقیق اللہ [illegible] ہے وہ جو نصیحت کرتا ہے تم کو ساتھہ اس کے تحقیق [illegible]
"	"	"	فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ [illegible]

			ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝ پس اگر جھگڑو تم بیچ کسی چیز کے پس پھیرو اس کو طرف اللہ کی اور رسول کی اگر ہو تم ایمان لاتے ساتھ اللہ کے اور دن پچھلے کے یہہ بہتر ہے اور اچھا جزا میں ❊
۵	النساء	۹	يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ (از پیش و پس بالید دید چند آیات تا بَعِيْدًا ۝) ارادہ کرتے ہیں یہہ کہ حکم لیجاویں طرف سرکش کی ❊
〃	〃	〃	فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ (تا چند آیات مؤید این مضمون) پس قسم ہے پروردگار تیرے کی نہیں ایمان لاوینگے یہان تک کہ حاکم بناوین تجھکو بیچ اس چیز کے کہ جھگڑا پڑے درمیان انکے پھر نپاوین بیچ جیون اپنے کے تنگی اس چیز سے کہ حکم کرے تو اور مان لیوین مان لینے کر ❊
〃	〃	〃	وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ط اور جو کوئی سفارش کرے سفارش بری ہو واسطے اس کے حصہ اس مین سے ❊
〃	〃	۱۶	اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ط تحقیق نازل کی ہمنے طرف تیری کتاب ساتھ حق کے تو کہ حکم کرے تو درمیان لوگون کے ساتھ اس چیز کے کہ دکھلاتا ہے تجھکو اللہ
〃	〃	〃	وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ۝ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ اور مت ہو خیانت کرنے والون کیطرف سے جھگڑنے والا اور بخشش مانگ اللہ سے تحقیق اللہ ہے بخشنے والا مہربان ❊
〃	〃	〃	وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ط (دو آیت تا مُحِيْطًا ۝) اور مت جھگڑ تو ان لوگون کی طرف سے کہ خیانت کرتے ہین جانون اپنی کو ❊
〃	〃	〃	هٰٓاَنْتُمْ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝ (تا چند آیات موید این مضمون ف دای ان پر جو جھوٹی مقدمات کی وکیل یا حمایتی ہو جاتے ہین) ہان تم وہ لوگ ہو کہ جھگڑے کیئے تم نے انکی طرف سے بیچ زندگانی دنیا کے پس کون جھگڑیگا اللہ سے ان کی طرف سے دن قیامت کے یا کون شخص ہوگا اوپر ان کے کارساز ❊
〃	〃	۱۹	وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ط (تا خَبِيْرًا ۝) اور صلح بہتر ہے ❊
〃	〃	〃	وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ اور اگر صلح کرلو تم اور ڈرو پس تحقیق اللہ ہے بخشنے والا مہربان ❊
〃	〃	۲۰	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ج (تا خَبِيْرًا ۝) ای لوگو جو ایمان لائی ہو ہو جاؤ تم قایم رہنے والے ساتھ انصاف کے گواہی دینے والے

پارہ	سورۃ	رکوع	متن
			واسطے خدا کے اور اگرچہ اوپر جانون اپنی کے ہو یا اوپر ماں باپ اور قرابت والون کے ÷
۵	النساء	۲۰	فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰى اَنْ تَعْدِلُوا پس مت پیروی کرو خواہش کی بسبب اس کے کہ عدل کرو ÷
۶	المائدہ	۲	يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا اے لوگو جو ایمان لائے ہو ہو جاؤ تم قایم رہنے والے واسطے اللہ کے شاہدی دینے والے ساتھ انصاف کو اور نہ باعث ہو تم کو دشمنی کسی قوم کا اوپر اس بات کے کہ عدل کرو ÷
″	″	″	اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۰ عدل کرو وہ بہت نزدیک ہے واسطے پرہیزگارون کے اور ڈرو اللہ سے تحقیق اللہ خبردار ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم ÷
″	″	۶	سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ (ف یہی حال ہے حاکم مرتشی کا) سننے والے ہین واسطے جھوٹ کے کھانے والے ہین واسطے حرام کے ÷
″	″	″	فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ (ف ہرچہ مصلحت باشد) پس اگر آدین تیرے پاس حکم کر درمیان ان کے یا منہ پھیر لے ان سے ÷
″	″	″	وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۰ اور اگر حکم کرے تو پس حکم کر درمیان اُن کے ساتھ انصاف کے تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے انصاف کرنیوالون کو ÷
″	″	″	وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۰ اور کیونکر حکم کرین تجھکو اور پاس انکے توریت ہی بیچ اس کے حکم ہے اللہ کا پھر پھر جاتے ہین پیچھے اس کے اور نہین یہہ لوگ ایمان والے ÷
″	″	۷	اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ (تا آخر رکوع بیان حکم نمودن موافق کتاب آسمانی وممانعت طلب کردن حکم جاہلیت ونہایت تشدد بر حکم نکردن موافق قران وحدیث) تحقیق اُتاری ہم نے توریت
۷	″	۱۴	شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ (تا چند آیات بیان شہادت وحلف ومنع کتمان حق) گواہی ہے درمیان تمہارے جب حاضر ہو ایک کسی کو تم مین سے موت ÷
۸	الانعام	۱۴	اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا کیا پس غیر خدا کی چاہون حکم کرنے والا اور وہ ہے جس نے اتاری ہے طرف تمہاری کتاب مفصل ÷
″	″	۱۹	وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى جب بات کہو پس انصاف کرو اور اگرچہ ہو صاحب قرابت
″	الاعراف	۳	قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ فقف کہہ حکم کرتا ہے پروردگار میرا ساتھ انصاف کے ÷
۹	″	۲۰	وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ۰ اور جن لوگون سے پیدا کیا ہے ہم نے ایک

پارہ	سورۃ	رکوع	
			جماعت ہے کہ راہ دکھاتی ہے ساتھ حق کے اور ساتھ اسی کے عدل کرتی ہے ۞
۹	الانفال	۳	لَا تَخُونُوا اللّٰهَ وَالرَّسُولَ وَتَخُونُوٓا أَمٰنٰتِكُمْ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ مت خیانت کرو اللہ کی اور رسول کی اور مت خیانت کرو امانتوں اپنی کو اور تم جانتے ہو ۞
۱۴	النحل	۱۲	إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ (تا آخر) تحقیق اللہ حکم کرتا ہے ساتھ عدل کے اور احسان کے
۲۵	الشوریٰ	۲	وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللّٰهِ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّي اور جو کچھ اختلاف کرو تم بیچ اس کے کسی چیز سے پس حکم اس کا طرف خدا کی ہے یہ ہے اللہ پروردگار میرا ۞

عشرۃ النساء

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲	البقرۃ	۳	هُنَّ لِبَاسٌ لَكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَهُنَّ وے پردے ہیں واسطے تمہارے اور تم پردے ہو واسطے انکے
〃	〃	۲۸	وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ (تا آخر رکوع ۳۱ مسائل حیض وجماع وایلاء وطلاق وخلع وعدت ورضاع وخطبہ ورجوع ومہر ومتعہ وتاکید مروت وشفقت واحسان بازنان ومنع ایذارسانی بازنان) سوال کرتے ہیں تجھ سے حیض سے ۞
〃	〃	〃	وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۝ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ط اور واسطے انکے ہے مانند اسکی جو اوپر ان کے ہے ساتھ اچھی طرح کے اور واسطے مردوں کے اوپر ان کے درجہ ہے ۞
〃	〃	۲۹	فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ ط (تا آخر) پس بند کر رکھنا ہے ساتھ اچھی طرح کے یا نکال دینا ساتھ اچھی طرح کے ۞
〃	〃	〃	وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ (تا آخر آیت تاکید شدید درحق زنان) اور جب طلاق دو تم عورتوں کو پس پہونچیں وقت اپنے کو پس بند رکھو ساتھ اچھی طرح کے
〃	〃	۳۰	فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوفِ ط (تا آخر) پس مت منع کرو ان کو یہ کہ نکاح کریں خاوندوں اپنے سے جب راضی ہوں آپس میں ساتھ اچھی طرح کے ۞
۴	النساء	۱	وَآتُوا النِّسَاءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ط فَإِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ نَفْسًا فَكُلُوهُ هَنِيٓئًا مَرِيٓئًا ۝ اور دو عورتوں کو مہر ان کی خوشی سے پس اگر خوشی سے دیں تم کو کچھ چیز اس میں سے جی سے پس کھاؤ اس کو سہتا پچتا
〃	〃	〃	وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْأَقْرَبُونَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ أَوْ كَثُرَ ط نَصِيبًا مَفْرُوضًا اور واسطے عورتوں کے حصہ ہے کہ چھوڑ گئے ماں باپ اور قرابتی تھوڑا ہوا اس میں سے یا بہت ہو حصہ ہے مقرر کیا ہوا ۞

پارہ	سورۃ	رکوع	
			پاک عورتین واسطے پاک مردون کے ہین اور پاک مرد واسطے پاک عورتون کے ہین ÷
۱۸	النور	۴	وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ (تا تُفْلِحُوْنَ ۝ بیان ستر مفصل) اور کہہ واسطے مسلمان عورتون کے کہ بند کرین آنکھین اپنی ÷
۱۹	الفرقان	۶	رَبَّنَا هَبْ لَنَا (دعا کردن مردون برائے یکدیگر و برائے اولاد ذریات) اے رب ہمارے بخش ہم کو
۱۶	مریم	۵	ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ۔ پھر البتہ کھینچ لیوین گے ہم ہر جماعت سے جو نسا ان مین سے اشد ہے اوپر باری تعالے کے سرکشی مین ؛
〃	〃	〃	وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَقْضِيًّا ۔ اور نہین کوئی تم مین سے مگر گذرنے والا ہے اوپر اس کے ہے اوپر پروردگار تیرے کے لازم ادا کیا گیا ؛
〃	〃	〃	ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوْا وَنَذَرُ الظّٰلِمِينَ فِيهَا جِثِيًّا ۔ پھر نجات دین گے ہم ان کو جو پرہیزگاری کرتے ہین اور چھوڑ دین گے ہم ظالمون کو بیچ اس کے گرے ہوے ؛
〃	〃	〃	حَتّٰى إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا السَّاعَةَ ۔ یہان تک کہ جب دیکھین جو وعدہ دیے جاتے ہین یا عذاب کا اور یا قیامت کا ؛
〃	〃	〃	فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَكَانًا وَأَضْعَفُ جُنْدًا ۔ پس البتہ جانین گے کونسا بدتر ہے مکان مین اور بودا ہے لشکر مین ؛
〃	〃	〃	كَلَّا سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ۔ وَنَرِثُهُ مَا يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ۔ ہرگز نہین البتہ لکھین گے ہم جو کہتا ہے وہ اور لنبا کرین گے ہم اس کو عذاب سے لنبا کرنا اور وارث ہون گے ہم اس کے اس چیز کے کہ کہتا ہے اور آویگا ہمارے پاس اکیلا ؛
〃	〃	〃	كَلَّا سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ۔ ہرگز نہین یہ البتہ کفر کرین گے ساتھ عبادت ان کی کے اور ہووین گے وہ بت اوپر ان کے مخالف ؛
〃	〃	۶	يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِينَ إِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ۔ وَنَسُوقُ الْمُجْرِمِينَ إِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ۔ اس دن کہ جمع کرین گے ہم پرہیزگارون کو طرف رحمان کی مہمان اور ہانکین گے ہم گنہگارون کو طرف دوزخ کی پیاسے ؛
〃	〃	〃	لَا يَمْلِكُونَ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۔ نہین اختیار پاوین گے شفاعت کا مگر جس نے کر لیا ہوگا نزدیک اللہ کے عہد ؛
〃	〃	〃	إِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ۔ نہین کوئی شخص کہ بیچ آسمانون اور زمین کے ہے مگر آتا ہے رحمن کے پاس بندہ ہو کر ؛
〃	〃	〃	وَكُلُّهُمْ آتِيهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ۔ اور سب وہ آنے والے ہین دن قیامت کے اکیلے ہو کر ؛
〃	طٰہٰ	۱	إِنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰى ۔ تحقیق قیامت آنیوالی ہے نزدیک ہے کہ چھپا ڈالون مین اس کو تو کہ بدلا دیا جاوے ہر جی ساتھ اس چیز کے کہ کرتا ہے ؛

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۶	طٰہٰ	۱	فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ۔ پس نہ بند کرے تجھکو فکر اسکی سے وہ شخص کہ نہیں ایمان لاتا ساتھ اسکے اور پیروی کرتا ہے خواہش اپنی کی ۔
〃	〃	۵	مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ۔ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ۔ وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ۔ جو کوئی منہ پھیرے اس سے تحقیق وہ اٹھاویگا دن قیامت کے بوجھ ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے اور برا ہے واسطے ان کے دن قیامت کے بوجھ ۔
〃	〃	〃	يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ۔ اس دن کہ پھونکا جاویگا بیچ صور کے اور اکٹھا کرینگے ہم گنہگاروں کو اس دن کیری آنکھوں سے ۔
〃	〃	〃	يَتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ۔ آہستہ کہتے ہونگے درمیان اپنے نہیں رہے تھے تم مگر دس دن
〃	〃	〃	نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ۔ ہم خوب جانتے ہیں اس چیز کو کہ کہتے ہیں جس وقت کہیگا بہتر انکا راہ میں نہ رہے تھے مگر ایک روز ۔
〃	〃	۶	وَيَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ۔ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۔ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ۔ اور سوال کرتے ہیں تجھکو پہاڑوں سے پس کہہ اوڑا دیگا انکو رب میرا اوڑا دینا پس چھوڑ دیوے گا اس زمین کو میدان صاف نہیں دیکھیگا تو بیچ اس کے کجی اور نہ اونچا یعنی ٹیکہ ۔
〃	〃	〃	يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۔ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ۔ اسدن پیچھے چلیں گے پکارنے والے کے نہیں کجی واسطے اس کے اور نیچے ہو جاوینگی آوازیں واسطے رحمٰن کے پس نہ سنیگا تو مگر آواز آہستہ ۔
〃	〃	〃	يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ قَوْلًا ۔ اسدن نہ فائدہ دیگی شفاعت مگر اس کو کہ اذن دیا ہے واسطے اس کے رحمٰن نے اور پسند کیا ہے واسطے اس کے کہنا ۔
〃	〃	〃	وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ۔ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ۔ اور ذلیل ہو گئے منہ واسطے زندہ قایم رہنے والے کے اور تحقیق نامراد ہوا جس نے اوٹھایا ظلم ۔
〃	〃	〃	وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّلَا هَضْمًا ۔ اور جو کوئی عمل کرے نیکیوں میں سے اور وہ مومن ہو پس نہیں ڈریگا ظلم سے اور نہ توڑنے سے
〃	〃	۷	وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ۔ (تا چہار آیات قرآن و حدیث سے روگردانی اور تغافل اور بھولا دینے کی سزا) اور جس نے منہ پھیرا یاد میری سے ۔

پاره	سورة	رکوع	
			پس تحقیق واسطے اس کے معیشت ہی تنگ اور اوٹھاوینگے ہم اس کو دن قیامت کے اندھا ۞
۱۷	الانبیاء	۱	اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ مُّعْرِضُونَ ۔ نزدیک آیا ہے واسطے لوگون کے حساب انکا اور وہ بیچ غفلت کے منہ پھیر رہے ہین ۞
"	"	"	وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ (تا چند آیات بیان عذاب اور دنیا) اور کتنی ہلاک کین ہمنے بستیان
"	"	۳	وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۔ أَفَإِن مِّتَّ فَهُمُ الْخَالِدُونَ ۔ اور نہین کیا ہمنے واسطے کسی آدمی کے پہلے تجھ سے ہمیشہ رہنا کیا پس اگر تو مرجاویگا پس یہ ہمیشہ رہین گے ۞
"	"	"	كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ۔ وَنَبْلُوكُمْ بِالْخَيْرِ وَالشَّرِّ فِتْنَةً ۔ وَإِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ۔ ہر جی چکھنے والا ہے موت کا اور آزماتے ہین ہم تم کو ساتھ برائی اور بھلائی کے آزمائش کو اور طرف ہماری پھیرے جاؤگے ۞
"	"	"	بَلْ تَأْتِيهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ ۔ بلکہ آجاویگی ان پر ناگہان پس بچکا کردے گی انکو پس نہ سکین گے پھیر دینا اس کا اور نہ وہ ڈھیل دیئے جاوین گے ۞
"	"	۴	وَلَئِن مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ ۔ اور اگر لگجاوے ان کو بو عذاب پروردگار تیرے کی سے البتہ کہین گے اے وائے ہم کو تحقیق ہم تھے ظالم ۞
"	"	"	وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ۔ اور رکھین گے ترازوئین عدل کی دن قیامت کی پس نہ ظلم کیا جاوے گا کوئی جی کچھ ۞
"	"	"	وَإِن كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا وَكَفَىٰ بِنَا حَاسِبِينَ ۔ اور اگر ہوویگا عمل آدمی کا برابر ایک دانے رائے کے لے آوین گے ہم اس کو اور کفایت ہین ہم حساب لینے والے ۞
"	"	۷	وَحَرَامٌ عَلَىٰ قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا أَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ۔ اور لازم ہے اوپر بستی کے کہ ہلاک کیا ہمنے اس کو یہ کہ وہ نہین پھرتے ۞
"	"	"	حَتَّىٰ إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ وَهُم مِّن كُلِّ حَدَبٍ يَنسِلُونَ ۔ یہان تک کہ جب کھولی جاوین یاجوج اور ماجوج اور وہ ہر اونچان سے دوڑتے ہون گے ۞
"	"	"	وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَإِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ أَبْصَارُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۔ يَا وَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِي غَفْلَةٍ مِّنْ هَٰذَا بَلْ كُنَّا ظَالِمِينَ ۔ اور نزدیک آیا وعدہ سچا پس ناگہان وہ چڑھ رہی ہین آنکھین ان لوگون کی کہ کافر ہوئے کہتے ہون گے ای وائے ہم کو تحقیق تھے ہم بیچ غفلت کے اس سے بلکہ تھے ہم ظالم
"	"	"	إِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ (دو آیت تا تُوعَدُونَ ۔ در امن بودن صلحا روز قیامت) تحقیق وہ لوگ کہ پہلے ہوچکا ۞

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۷	الانبیآء	۷	یَوْمَ نَطْوِی السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۔ جس دن لپیٹ لیوین گے ہم آسمان جیسا کہ لپیٹا ہی طومار نوشتہ
〃	〃	〃	كَمَا بَدَأْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ۔ جیسے شروع کی تہی ہم نے پہلی پیدائش دوبارہ کرین گے اس کو وعدہ ہے ہمارے ذمہ پر تحقیق ہم ہین کرنیوالے ÷
〃	الحج	۱	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ (دو آیت تا شَدِيْدٌ ۔ بیان ہول عظیم روز قیامت) اے لوگو ڈرو پروردگار اپنے سے ÷
〃	〃	〃	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ (چند آیات تا فِي الْقُبُوْرِ ۔ دلیل زندہ شدن مردگان روز قیامت بلاشک) ای لوگو اگر ہو تم بیچ شک کے ÷
〃	〃	〃	وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۔ (سزائے ناحق جھگڑالو کی) اور چکہاوین گے ہم اس کو دن قیامت کے عذاب جلنے کا ÷
〃	〃	〃	وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ (شش آیات تا اِلَى الْمَصِيْرُ ۔ بیان بعضے عذاب و آفات وحادثات) اور اگر جھٹلاوین تجھکو پس تحقیق جھٹلایا تہا پہلے ان سے ÷
۱۸	المؤمنون	۱	وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ (تا آخر رکوع ۔ بیان دلیل زندہ شدن مردگان و مردن وباز زندہ شدن وبیان چند نعمای الٰہی) اور تحقیق پیدا کیا ہم نے آدمی کو ÷
〃	〃	۳	اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ (تا چند آیات بیان شبہ منکران قیامت وتباہ شدن بعذاب ناگہانی) کیا وعدہ دیتا ہے تم کو یہ کہ جس وقت مرجاؤگے ÷
〃	〃	〃	مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۔ اور نہین آگے نکل جاتی کوئی امت وقت اپنے سے اور نہ پیچھے رہجاتی ہے ÷
〃	〃	۴	وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۔ اور وہ لوگ کہ دیتے ہین جو کچھ کہ دیتے ہین اور دل ان کے ڈرتے ہین اس سے کہ وہ طرف پروردگار اپنے کی پہر جانے والے ہین
〃	〃	〃	حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ (تا چند آیات) یہان تک کہ جب پکڑا ہم نے دولتمندون ان کے کو ساتھ عذاب کے ÷
〃	〃	〃	حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۔ یہان تک کہ جب کہولدیا ہمنے اوپر ان کے دروازہ عذاب سخت کا ناگہان وہ بیچ اس کے ناامید ہین ÷
〃	〃	۵	وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۔ اور وہی ہے جس نے پہیلایا تم کو بیچ زمین کے اور طرف اس کی اکٹھے کیئے جاؤگے ÷

۱۴۴

پاره	سورة	رکوع	
۱۸	المؤمنون	۵	بَلْ قَالُوا مِثْلَ مَا قَالَ الْأَوَّلُونَ ۔ (تا چند آیات بیان شبہ منکران قیامت وجواب آن) بلکہ کہا انہون نے جیسا کہ کہا پہلون نے ÷
"	"	۶	حَتّٰی إِذَا جَاءَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُونِ ۔ لَعَلِّي أَعْمَلُ صَالِحًا فِيمَا تَرَكْتُ كَلَّا ۔ یہان تک کہ جب آدمی ایک کو ان مین سے موت کہتا ہے ای رب میرے پہیر دے میری تئین طرف دنیا کی شاید کرین عمل کرون نیک بیچ اس جگہ کے کہ چہوڑ آیا ہون ہرگز نہین ÷
"	"	"	إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا ۔ وَمِنْ وَرَائِهِمْ بَرْزَخٌ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۔ تحقیق یہ ایک بات ہے کہ وہ کہنے والا ہے اور ورے ان سے پردہ ہے اُس دن تک کہ اٹھائے جاوین گے ÷
"	"	"	فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ فَلَا أَنسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَلَا يَتَسَاءَلُونَ ۔ پس جب پہونکا جاویگا بیچ صور کے پس نہین نسب درمیان ان کے اُس دن اور نہ ایک دوسرے کو پوچہین گے ÷
"	"	"	فَمَن ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۔ پس جو شخص کہ بہاری ہوا پلا اُس کا پس یہ لوگ وہی ہین فلاح پانے والے ÷
"	"	"	وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ۔ اور جو شخص کہ ہلکا ہوا پلا اس کا پس یہ لوگ ہین جنہون نے ٹوٹا دیا جانون اپنی کو بیچ دوزخ کے ہمیش رہین گے
"	"	"	أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ ۔ کیا پس گمان کیا ہے تمنے یہ کہ پیدا کیا ہے ہمنے تم کو بے فایدہ اور یہ کہ تم طرف ہماری نہین پہر آؤ گے ÷
"	النور	۵	يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ۔ ڈرتے ہین اس دن سے کہ پہر جاوین گے بیچ اس کے دل اور آنکہین ÷
"	"	"	وَوَجَدَ اللَّهَ عِندَهُ فَوَفَّاهُ حِسَابَهُ وَاللَّهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۔ پایا اللہ کو نزدیک اس کے پس پورا دیا اس کو حساب اس کا اور اللہ لد حساب لینے والا ہے
"	الفرقان	۲	وَكَذَّبُوا بِالسَّاعَةِ وَأَعْتَدْنَا لِمَن كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيرًا ۔ بلکہ جہٹلاتے ہین قیامت کو اور تیار کیا ہے ہم نے واسطے اُس شخص کے کہ جہٹلاتا ہے قیامت کو دوزخ ÷
"	"	"	إِذَا رَأَتْهُم مِّن مَّكَانٍ بَعِيدٍ سَمِعُوا لَهَا تَغَيُّظًا وَزَفِيرًا ۔ جب دیکہین گے اس کو مکان دور سے سُنین گے واسطے اس کے غصہ کہانا اور چلانا ÷
"	"	"	وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ (تا سہ آیات انکار کردن معبودان مشرکان) اور جسدن اکٹہا کریگا انکو
۱۹	"	۳	يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلَائِكَةَ لَا بُشْرَىٰ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِينَ وَيَقُولُونَ حِجْرًا مَّحْجُورًا ۔ جسدن دیکہین گے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			فرشتون کو نہین خوشی اسدن گنہگارون کو اور کہین گے منع کیئے جاؤ بند کیے جانا
۱۹	الفرقان	۲	وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ۔ اور آئے ہم طرف اس چیز کی کہ کیئے تھے انہون نے سب کامون سے پس کیا ہم نے اس کو ریت پراگندہ ÷
〃	〃	〃	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا ۔ رہنے والے بہشت کے اسدن بہتر ہین ٹھکانے مین اور بہتر ہین جگہہ دوپہر کاٹنے مین ÷
〃	〃	〃	وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ۔ اور جسدن کہ پھٹ جاویگا اسمان ساتھ بدلی کے اور اتارے جاوین گے فرشتے اتارے جانے ÷
〃	〃	〃	اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ِالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ۔ بادشاہی اسدن ثابت ہے واسطے رحمن کے اور ہوگا وہ دن اوپر کافرون کے سخت ÷
〃	〃	〃	وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ۔ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ۔ لَقَدْ اَضَلَّنِيْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِيْ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ۔ اور جس دن کہ کاٹ کاٹ کہاویگا ظالم اوپر دونون ہاتہون اپنے کے کہے گا اے کاشکے پکڑتا مین ساتہہ رسول کے راہ ای ولے مجہکو کاشکے نہ پکڑتا مین فلانے کو دوست البتہ تحقیق گمراہ کیا مجہکو قرآن سے پیچہے اس کے کہ آیا میرے پاس اور ہے شیطان آدمی کو ہلاکی مین سونپنے والا
〃	〃	〃	وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ۔ اور کہا رسول نے ای رب میرے تحقیق قوم میری نے بکواس ہے اس قرآن کو چہوڑا ہوا ÷
〃	〃	〃	اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ۔ وہ لوگ کہ اکہٹے کیے جاوینگے اوپر موہون اپنے کے طرف دوزخ کی یہ لوگ بدترین مکان مین اور بہت بہکے ہوئے ہین راہ مین ÷
〃	〃	۶	يُضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ۔ (سزائے شرک وقتل ناحق و زنا) دوگنا کیا جاویگا واسطے اس کے عذاب قیامت کے اور پڑا رہیگا ہمیشہ بیچ اس کے رسوا ÷
〃	الشعراء	۵	يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۔ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۔ جسدن کہ نہ نفع دیگا مال اور بیٹے مگر جو کوئی لاوے اللہ کے پاس دل سلامت ÷
〃	〃	〃	وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۔ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ۔ اور نزدیک کی جاویگی بہشت واسطے پرہیزگارون کے اور ظاہر کیجاوے گی دوزخ واسطے گمراہون کے ÷
〃	〃	〃	وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ۔ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ۔ فَكُبْكِبُوْا

پاره	سورة	رکوع	
			فِيْهَا (تا چند آیات) اور کہا جاویگا واسطے ان کے کہان ہین جو کچھ کہ تھے تم عبادت کرتے سوائے اللہ کے کیا مدد کرتے ہین تمہاری یا بدلا لیتے ہین پس الٹے ڈالے جاوین گے بیچ اس کے ✤
۱۹	الشعرا	۸	اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا هٰهُنَآ اٰمِنِيْنَ ۔ (تا چند آیات) کیا چھوڑے جاؤگے تم بیچ اس چیز کے کہ یہان ہے امن
۲۰	النمل	۵	وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۔ اور نہین جانتے کہ کس وقت اٹھائے جاوین گے ✤
〃	〃	۶	وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا ۔ (دو آیت تا عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ۔ جواب شبہ منکران) اور کہا ان لوگون نے کہ کافر ہوئے کیا جس وقت ہو جاوین گے ہم مٹی ✤
〃	〃	〃	وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ (دو آیت تا تَسْتَعْجِلُوْنَ ۔) اور کہتے ہین کہ کب ہے یہ وعدہ
〃	〃	〃	وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ۔ اور جس وقت آن پڑے گی بات اوپر ان کے نکالین گے ہم واسطے ان ایک جانور زمین سے بولیگا ان سے یہ لوگ تھے ساتھ نشانیون ہماری کے نہین یقین لاتے ✤
〃	〃	۷	وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۔ اور جس دن کہ اوٹھاوین گے ہم ہر ایک امت مین سے جماعت اُن لوگون سے کہ جھٹلاتے ہین نشانیون ہماری کو پس وہ فرقے فرقے اکٹھے کیے جاوین گے ✤
〃	〃	〃	حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۔ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ۔ یہان تک کہ جب آوین گے کہیگا حق تعالے کیا جھٹلاتے تھے تم نشانیون میری کو اور نہین گھیرا تھا تم نے ان کے علم کر آیا کیا کرتے تھے تم اور آن پڑیگی بات اوپر ان کے بہ سبب ظلم ان کے کے پس وہ نہ بول سکین گے ✤
〃	〃	〃	اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۔ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ کیا نہین دیکھا انہون نے یہ کہ کی ہم نے رات تو کہ آرام پکڑین بیچ اس کے اور دن کو دکھلانیوالا تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیان ہین واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہین ✤
〃	〃	〃	وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ۔ اور جس دن کہ پھونکا جاوے گا بیچ صور کے پس ڈر جاویگا جو کوئی بیچ آسمانون کے اور جو کوئی بیچ زمین کے ہے مگر جسکو چاہے اللہ اور سب آوین گے آگے اس کے ذلیل ✤
〃	〃	〃	وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ۔ اور دیکھے گا تو پہاڑون کو گمان کرتا ہے تو ان کو جمے ہوئے اور وہ چلے جاتے ہین مانند گذرنے بادلون کی ✤

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۰	النمل	٠	مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ٥ جو کوئی لاویگی پس واسطے اس کے ہے بہتر اس سے اور وہ ڈر سے اسدن امن مین ہین ÷
〃	〃	〃	وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ٥ پس جو کوئی لاوے برائی پس ڈالے جاوینگے منہ انکے بیچ آگ کے نہین جزا دیئے جاؤگے تم مگر جو کچھ کرتے تھے تم کرتے ÷
〃	القصص	۴	وَظَنُّوْا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ٥ اور گمان کیا انہون نے یہ کہ وہ طرف ہماری نہین پھیرے جاوینگے پس پکڑا ہمنے ان کو اور لشکرون اس کے کو پس ڈالدیا ہم نے انکو بیچ دریا کے پس دیکھہ کیونکر ہوا آخر کام ظالمونکا
〃	〃	〃	وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ ٥ اور کیا ہم نے ان کو پیشوا کہ بلاتے تھے طرف آگ کی اور دن قیامت کے نہ مدد دیئے جاوینگے ÷
〃	〃	〃	وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ٥ اور پیچھے لائے ہم انکے بیچ اس دنیا کے لعنت اور دن قیامت کے وہ برائی کیئے گیون سے ہین ÷
〃	〃	۶	وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۢ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۚ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ٥ اور بہت ہلاک کین ہم نے بستیان کہ اتراتی تہین بیچ معیشت اپنی کے پس یہہ ہین گھر ان کے کہ کوئی نہ بسا ان مین پیچھے ان کے مگر تہوڑے لیئے ہوئے ہم ہی وارث ÷
〃	〃	۷	وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ٥ اور جسدن کہ پکارے گا ان کو پس کہے گا کہان شریک میرے جو تھے تم دعوے کرتے ÷
〃	〃	〃	قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰۤؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۖ مَا كَانُوْۤا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ٥ کہین گے وہ لوگ کہ ثابت ہوئی اوپر ان کے بات عذاب کی اے رب ہمارے یہ لوگ ہین جنکو گمراہ کیا تہا ہمنے ان کو گمراہ کیا ہمنے ان کو جیسا گمراہ ہوئے تھے ہم بیزاری کی ہم نے ان سے متوجہ ہو کر طرف تیری نہین تھے ہمکو عبادت کرتے ÷
〃	〃	〃	وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَرَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا يَهْتَدُوْنَ ٥ اور کہا جاویگا بلا شریکون اپنون کو پس پکارین گے ان کو پس نہ جواب دین گے ان کو اور دیکھین گے عذاب کو کاشکے وہ ہوتے راہ پانے والے ÷
〃	〃	〃	وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ٥ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ٥ اور جسدن پکاریگا انکو پس کہے گا کیا جواب دیا تہا تم نے پیغمبرون کو پس اندہا دہند ہو جاوینگی اوپر انکے

	رکوع	سورة	پاره
خبر مین اسدن پس وہ ایک دوسرے کو نہ پوچھین گے ÷			
فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ۝ پس جس شخص نے کہ توبہ کی اور ایمان لایا اور عمل کیئے اچھے پس امید ہے کہ ہو فلاح پانیوالون سے ÷	٧	القصص	٢٠
كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۭ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے مگر ذات اس کی واسطے اس کے ہے حکم اور طرف اسی کی پھیرے جاؤگے ÷	٩	〃	〃
مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاۗءَ اللّٰهِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ جو کوئی امید رکھتا ہے ملاقات خدا کی پس تحقیق وعدہ اللہ کا البتہ آنے والا ہے سننے والا جاننے والا ÷	١	العنکبوت	〃
اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ طرف میرے ہی پھر آنا تمہارا پس دونگا مین تم کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے تم کرتے	〃	〃	〃
وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ ۡ وَلَيُسْـَٔــلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ اور البتہ اٹھاوین گے بوجھ اپنے اور بوجھ ساتھ بوجھون اپنے کے اور البتہ پوچھے جاوین گے دن قیامت کے اس چیز سے کہ تھے باندہ لیتے ÷	〃	〃	〃
فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ۭ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ پس ڈھونڈو نزدیک خدا کے رزق اور عبادت کرو اس کو اور شکر کرو اس کا طرف اسی کی پھیرے جاؤگے ÷	١	〃	〃
ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۡ وَّمَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ پھر دن قیامت کے کافر ہو جاوین گے بعضے تمہارے بعضون سے اور لعنت کرین گے بعضے تمہارے بعضون کو اور جگہہ رہنے تمہاری کی آگ ہے اور نہین واسطے تمہارے کوئی مددگار ÷	٣	〃	〃
وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاۗءَهُمُ الْعَذَابُ ۭ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ (الآیۃ) اور جلدی کرتے ہین تجھ سے ساتھ عذاب کے اور اگر نہوتا ایک وقت مقرر البتہ آتا انکے پاس عذاب اور البتہ آوے گا ان کے ناگہان اور وہ نہین جانتے ہون گے جلدی کرتے ہین تجھ سے ساتھ عذاب کے ÷	٦	〃	٢١
يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ اسدن کہ ڈھانکلیگا ان کو عذاب اوپر ان کے سے اور نیچے پاؤن ان کے سے اور کہیگا اللہ تعالے چکھو جو کچھ تھے تم کرتے ÷	〃	〃	〃
كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۣ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝ ہر جی چکھنے والا ہے موت کا پھر طرف ہمارے	〃	〃	〃

پارہ	سورۃ	رکوع	
			پہیرے جاؤ گے ÷
۲۱	الروم	۱	اَللّٰهُ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ ثُمَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ۔ اللہ پہلی بار کرتا ہے پیدائش پہر دوبارہ کریگا اس کو پہر طرف اسکی پہیرے جاؤ گے ÷
〃	〃	۲	وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ یُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ ۔ وَلَمْ یَکُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَکَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَکَانُوْا بِشُرَکَآئِهِمْ کٰفِرِیْنَ ۔ اور جس دن برپا ہوگی قیامت ناامید ہوں گے گنہگار اور نہ ہونگے واسطے ان کے شریکوں ان کے سے کوئی شفاعت کرنیوالا اور ہو جاوینگے ساتھ شریکوں اپنے کے کافر
〃	〃	〃	وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ یَوْمَئِذٍ یَّتَفَرَّقُوْنَ ۔ (۳ آیات تا مُحْضَرُوْنَ ۔) اور جسدن قایم ہوگی قیامت اسدن متفرق ہو جاوینگے ÷
〃	〃	〃	یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَیُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَیُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۔ وَکَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۔ نکالتا ہے زندے کو مردے سے اور نکالتا ہے مردے کو زندے سے اور جلاتا ہے زمین کو پیچھے موت اس کی کے اور اسیطرح نکالے جاؤ گے تم ÷
〃	〃	۳	وَمِنْ اٰیٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَکُمْ (این پنج آیات تا یَعْقِلُوْنَ ۔ وجود قیامت را ہم نشان و دلیل ہست) اور نشانیوں اسکی سے یہ ہے کہ پیدا کیا تم کو ÷
〃	〃	〃	ثُمَّ اِذَا دَعَاکُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْاَرْضِ اِذَآ اَنْتُمْ تَخْرُجُوْنَ ۔ پہر جب پکاریگا تم کو ایک پکارنا زمین میں سے ناگہاں تم نکل آؤ گے ÷
〃	〃	〃	وَهُوَ الَّذِیْ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَیْهِ ۔ (الآیۃ) اور وہی ہے جو پہلی بار کرتا ہے پیدائش کو پہر دوبارہ کریگا اس کو اور وہ بہت آسان ہے اوپر اس کے ÷
〃	〃	۵	فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّیْنِ الْقَیِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ یَوْمَئِذٍ یَّصَّدَّعُوْنَ ۔ پس سیدھا کر منہ اپنا واسطے دین درست کے پہلے اس سے کہ آوے ان کے پاس وہ دن کہ نہیں پہر جانا اسکو اللہ کی طرف سے اس دن متفرق ہوں گے ÷
〃	〃	〃	اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْیِ الْمَوْتٰی وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ (چند آیات از پیش و پس دلیل زندہ شدن اموات) تحقیق وہی البتہ زندہ کرتا ہے مردوں کو اور وہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے ÷
〃	〃	۶	اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ (تا الْقَدِیْرُ ۔ دلیل قیام قیامت) اللہ وہی ہے جس نے پیدا کیا تم کو ÷
〃	〃	〃	وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ یُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۔ مَا لَبِثُوْا غَیْرَ سَاعَةٍ ۔ کَذٰلِكَ کَانُوْا یُؤْفَکُوْنَ ۔ اور جسدن قایم ہوگی قیامت قسم کہاوینگے گنہگار کہ نہیں رہے تھے مگر ایک ساعت سے اسیطرح تھے پہیرے جاتے

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۱	الرّوم	۵	وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۔ اور کہین گے وہ لوگ کہ دیئے گئے ہین علم تحقیق دعدہ پر رہے تھے بیچ کتاب اللہ کے دن زندہ کرنے تک پس یہ ہے دن زندہ کرنیکا ولیکن تم تھے نہین جانتے ❖
؍؍	؍؍	؍؍	فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ۔ پس اس دن نہ نفع دیگا ان لوگو کو ظلم کرتے ہین عذر انکا اور نہ وہ توبہ قبول کیئے جاوین گے ❖
؍؍	لقمٰن	۲	اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۔ یہہ کہ شکر کرو واسطے میرے اور واسطے ماں باپ اپنے کے طرف میری ہے پہر آنا ❖
؍؍	؍؍	؍؍	ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۔ پہر طرف میری ہے پہر آنا تمہارا پس خبر دونگا تم کو ساتھ اس چیز کے کہ تھے تم کرتے ❖
؍؍	؍؍	۳	اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۔ طرف ہماری ہے پہر آنا انکا پس خبر دینگے انکو ساتھ اس چیز کے کہ کیا انہون نے تحقیق اللہ جاننے والا ہے سینے والی بات کو
؍؍	؍؍	؍؍	مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ۔ نہین بنانا تمہارا اور نہ جلانا تمہارا مگر مانند ایک جان کی تحقیق اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے ❖
؍؍	؍؍	۴	يٰاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا (تا الْغَرُوْرُ) اے لوگو ڈرو پروردگار اپنے سے اور ڈرو اس دن سے
؍؍	؍؍	؍؍	اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۔ تحقیق اللہ کے پاس ہے علم قیامت کا ❖
؍؍	السجدۃ	۱	وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ بَلْ هُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۔ اور کہا انہون نے کیا جب کہوئی جاوینگے ہم بیچ زمین کے کیا ہونگے ہم پیدائیش نئی کے بلکہ وہ ساتھ ملاقات رب اپنے کے کافر ہین ❖
؍؍	؍؍	؍؍	قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۔ کہہ قبض کرے گا تم کو فرشتہ موت کا وہ جو مقرر کیا گیا ہے ساتھ تمہارے پہر طرف رب اپنے کی پہیرے جاوگے ❖
؍؍	؍؍	۲	وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۔ اور کاشکے دیکھے تو جس وقت گنہگار گردن کو نیچے ڈالے ہونگے سر اپنا نزدیک رب اپنے کے اے رب ہمارے دیکھا ہم نے اور سنا ہمنے پس پھیر ہم کو کہ عمل کرین اچھے تحقیق ہم یقین لانے والے ہین ❖
؍؍	؍؍	؍؍	فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۔ پس چکہو بسبب اسکے کہ بہول گئے تھے تم ملاقات اس دن اپنے کی سے تحقیق ہم بہول گئے

پاره	سورة	رکوع	
			نہے تم کو اور چکھو عذاب ہمیشہ کا بسبب اس کے کہ تھے تم کرتے
۲۲	الاحزاب	۸	يَسْأَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ (شش آیات تا کبیراً) سوال کرتے ہین لوگ تجہ سے قیامت سے
۔	السبا	۱	وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَأْتِينَا السَّاعَةُ (دو آیت تا کریم) اور کہا ان لوگون نے کہ کافر ہوئے ہین نہ آوے گی ہمارے پاس قیامت ؎
۔	۔	۔	وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا هَلْ نَدُلُّكُمْ (سہ آیات تا مُرِيب ہ جواب قول منکران) اور کہا ان لوگون نے کہ کافر ہوئے کیا راہ بتادین ہم تم کو ؎
۔	۔	۳	وَلَا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ عِندَهُ إِلَّا لِمَنْ أَذِنَ لَهُ حَتَّىٰ إِذَا فُزِّعَ عَن قُلُوبِهِمْ قَالُوا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوا الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ہ اور نہین فایدہ دیتی شفاعت نزدیک اسکی مگر واسطے اسکے کہ وہ منتظر رہتے ہین حکم اس کے کے یہان تک کہ جب دور کیا جاتا ہے اضطراب دلون انکے سے کہتے ہین آپس مین کیا کہا پروردگار تمہارے نے کہتے ہین کہ کہا حق اور وہ بلند ہے بڑا ؎
۔	۔	۔	قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيمُ کہہ کہ جمع کریگا ہمکو رب ہمارا پہر حکم کریگا درمیان ہمارے ساتھ حق کے اور وہی ہے حکم کرنے والا جاننے والا ؎
۔	۔	۔	وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ہ قُل لَّكُم مِّيعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَأْخِرُونَ عَنْهُ سَاعَةً وَلَا تَسْتَقْدِمُونَ ہ اور کہتے ہین کب ہے یہ وعدہ اگر ہو تم سچے کہہ واسطے تمہارے وعدہ ہے ایک دن کا نہین پیچھے رہوگے اس سے ایک گھڑی اور نہ آگے بڑھوگے ؎
۔	۔	۴	وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ (چند آیات تا يَعْمَلُونَ ہ تنازع ضعیفان ومتکبران) اور کاشکے دیکھے تو جبکہ ظالم
۔	۔	۵	وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ يَقُولُ لِلْمَلَائِكَةِ أَهَٰؤُلَاءِ إِيَّاكُمْ كَانُوا يَعْبُدُونَ ہ قَالُوا سُبْحَانَكَ أَنتَ وَلِيُّنَا مِن دُونِهِم بَلْ كَانُوا يَعْبُدُونَ الْجِنَّ أَكْثَرُهُم بِهِم مُّؤْمِنُونَ ہ اور جس دن کہ جمع کریگا انکو اکٹھے پھر کہے گا واسطے فرشتون کے کیا یہ تم کو تھے عبادت کرتے کہین گے پاکی ہے تجھکو تو کارساز ہمارا ہی سوا ان کے بلکہ وہ تھے عبادت کرتے جنون کو اکثر ان کے ساتھ جنون کے ایمان رکھتے ہین ؎
۔	۔	۔	فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَلَا ضَرًّا وَنَقُولُ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّتِي كُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ ہ پس آج کا دن نہ اختیار رکھیگا بعض تمہارا واسطے بعضون کے نفع کو اور نہ ضرر کو اور کہین گے ہم واسطے ان لوگون کے کہ ظلم کرتے تھے چکھو عذاب آگ کا وہ جو تھے تم اس کو جھٹلاتے ؎
۔	۔	۶	إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ لَّكُم بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ ہ نہین وہ مگر ڈرانیوالا ہے واسطے تمہارے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			آگے عذاب سخت کے ÷
۲۲	السبا	۶	وَلَوْ تَرٰىٓ اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ۔ اور کاش کے دیکھے تو جس وقت کہ گبھرا دین گے پس نہ بھاگ سکین گے اور پکڑے جاوین گے مکان نزدیک سے ÷
〃	〃	〃	وَقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ۔ اور کہین گے ایمان لائے ہم ساتھ اس کے اور کہان ممکن ہے واسطے ان کے پکڑنا مکان دور سے ÷
〃	〃	〃	وَقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ۔ اور تحقیق کافر ہوئی تھے ساتھ اسکے پہلے اس سے اور پھینکتے تھے گمان بن دیکھے مکان دور سے ÷
〃	〃	〃	وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ۔ اور پردہ ڈالا گیا درمیان ان کے اور درمیان اس چیز کے کہ چاہتے تھے جیسا کہ کیا گیا ساتھ پیشواؤن انکے کے پہلے اس سے تحقیق وہ تھے بیچ شک اضطراب مین ڈالنے والے کے ÷
〃	فاطر	۱	وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۔ اور طرف اللہ کی پھیرے جاتے ہین سب کام ÷
〃	〃	〃	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۔ ای لوگو تحقیق وعدہ اللہ کا سچا ہے نہ فریب دے تم کو زندگانی دنیا کی اور نہ فریب دے تمکو ساتھ اللہ کے فریب دینے والا
〃	〃	۲	وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ۔ اور دن قیامت کے کفر کرین گے ساتھ شرک تمہارے کے اور نہ خبر دیگا تجھکو مانند حق تعالے خبردار کی ÷
۲۳	یٰسٓ	۲	وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۔ اور نہین ہین سب مگر جمع ہو کر نزدیک ہمارے حاضر ہونیوالے ÷
〃	〃	۳	وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ (تا چند آیات نشان و دلیل قیامت وہم نشان و دلیل توحید و وجود حق سبحانہ وتعالے) اور نشانی ہے واسطے اُن کے زمین مردہ ÷
〃	〃	۵	مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ۔ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ۔ نہین انتظار کرتے مگر ایک آواز تند کا کہ پکڑے انکو اور وہ بیچ جھگڑے کے ہون پس نہ سکین گے وصیت کرنا اور نہ طرف اہل اپنے کی پھر جاوین گے ÷
〃	〃	〃	وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ (سہ آیات تا مُحْضَرُوْنَ ۔ بیان نفخہ دوم و برخاستن از قبور و حسرت آن و حاضر شدن بحضور حق تعالے) اور پھونکا جاوے گا بیچ صور کے ÷
〃	〃	〃	فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۔ پس آجکے دن ظلم کیا جاویگا کوئی جی کچھ اور نہ جزا دیئے جاؤ گے مگر جو کچھ تھے تم کرتے ÷

پاره	سورة	رکوع	
۲۳	یٰسٓ	۳	اِنَّ اَصۡحٰبَ الۡجَنَّةِ الۡیَوۡمَ فِیۡ شُغُلٍ فٰکِهُوۡنَ ۝ (تا چند آیات) تحقیق رہنے والے بہشت کے بیچ ایک کام کے خوش ہین ✤
〃	〃	〃	وَامۡتَازُوا الۡیَوۡمَ اَیُّهَا الۡمُجۡرِمُوۡنَ ۝ اور جدا ہو جاؤ آج کے دن اے گنہ گارو ✤
〃	〃	〃	اَلَمۡ اَعۡهَدۡ اِلَیۡکُمۡ (تا پنج آیات زجر والزام حق سبحانہ وتعالے بر بنی آدم روز قیامت) کیا نہین عہد کیا تہا تم سے ✤
〃	〃	〃	اَلۡیَوۡمَ نَخۡتِمُ عَلٰۤی اَفۡوَاهِهِمۡ وَتُکَلِّمُنَاۤ اَیۡدِیۡهِمۡ وَتَشۡهَدُ اَرۡجُلُهُمۡ بِمَا کَانُوۡا یَکۡسِبُوۡنَ ۝ آج کے دن مہر ماری ہینے اوپر موہون ان کے کے اور باتین کرین گے ہم سے ہاتہ ان کے اور گواہی دینگے پاؤن ان کے بسبب اس کے کہ تہے کماتے ✤
〃	〃	۵	اَوَلَمۡ یَرَ الۡاِنۡسَانُ (تا آخر سورت جواب شبہ منکران قیامت) کیا نہین دیکہا آدمی نے ✤
〃	الصّٰٓفّٰت	۱	وَقَالُوۡۤا اِنۡ هٰذَاۤ (تا ہفت آیات جواب قول منکران قیامت واقرار کردن شان را روز) اور کہتے ہین نہین یہ
〃	〃	۲	اُحۡشُرُوا الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡا (تا بارہ آیات خطاب با اہل حشر ومنازعت شان با ہمدگر) اکٹہا کرو ان لوگون کو ظلم کرتے تہے ✤
		۵	فَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ حَتّٰی حِیۡنٍ (تا ہفت آیات بیان عذاب) پس منہ پہیر لے ان سے ایک مدت تک
〃	صٓ	۲	وَمَا یَنۡظُرُ هٰۤؤُلَآءِ اِلَّا صَیۡحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنۡ فَوَاقٍ ۝ اور نہین انتظار کرتے یہ لوگ مگر ایک آواز تند کا کہ نہین اسکو کچہ ڈہیل ✤
〃	〃	۵	قُلۡ هُوَ نَبَؤٌا عَظِیۡمٌ ۙ اَنۡتُمۡ عَنۡهُ مُعۡرِضُوۡنَ ۝ کہہ کہ وہ قیامت کی خبر بڑی ہے تم اس سے منہ پہیرنیوالے ہو
〃	الزّمر	۱	اِنَّ اللّٰهَ یَحۡکُمُ بَیۡنَهُمۡ فِیۡ مَا هُمۡ فِیۡهِ یَخۡتَلِفُوۡنَ ۝ تحقیق اللہ حکم کریگا درمیان انکے بیچ اس چیز کے کہ وہ بیچ اس کے اختلاف کرتے ہین ✤
〃	〃	〃	ثُمَّ اِلٰی رَبِّکُمۡ مَّرۡجِعُکُمۡ فَیُنَبِّئُکُمۡ بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ۝ اِنَّهٗ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ۝ پہر طرف پروردگار اپنے کی ہے پہر جانا تمہارا پس خبر دیگا تمکو ساتہ اس چیز کے کہ تہے تم کرتے تحقیق وہ جاننے والا ہے سینے والی بات کو
〃	〃	۲	قُلۡ اِنِّیۡۤ اَخَافُ اِنۡ عَصَیۡتُ رَبِّیۡ عَذَابَ یَوۡمٍ عَظِیۡمٍ ۝ تحقیق مین ڈرتا ہون اگر نا فرمانی کرون پروردگار اپنے کی عذاب دن بڑے کے سے ✤
〃	〃	〃	قُلۡ اِنَّ الۡخٰسِرِیۡنَ الَّذِیۡنَ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ وَاَهۡلِیۡهِمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ ۭ اَلَا ذٰلِکَ هُوَ الۡخُسۡرَانُ الۡمُبِیۡنُ ۝ لَهُمۡ مِّنۡ فَوۡقِهِمۡ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنۡ تَحۡتِهِمۡ ظُلَلٌ ۭ (الآیة) کہ تحقیق ٹوٹا پانیوالے وہ لوگ ہین جنہون ٹوٹا دیا جانون اپنی کو اور تابعون اپنون کو دن قیامت کے خبردار ہو یہ بات وہی ہے ٹوٹا پانا

پاره	سورة	رکوع	
			ظاہر واسطے ان کے اوپر ان کے سائبان ہونگے آگ سے اور نیچے ان کے سے سائبان ہونگے ÷
۲۴	الزمر	۳	أَفَمَنْ يَتَّقِي بِوَجْهِهِ سُوءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ وَقِيلَ لِلظَّالِمِينَ ذُوقُوا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُونَ ۝ آیا پس جو کوئی بچاتا ہے منہ اپنے کو برے عذاب دن قیامت کے سے اور کہا گیا واسطے ظالمون کے چکھو جو کچھ کہ تھے تم کماتے ÷
؍	؍	؍	كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ۝ جھٹلایا تھا ان لوگون نے کہ پہلے ان سے تھے پس آیا ان کو عذاب اجگہ سے کہ نہین جانتے تھے ÷
؍	؍	؍	فَأَذَاقَهُمُ اللَّهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۝ پہر چکہائی اللہ نے رسوائی بیچ زندگانی دنیا کے اور البتہ عذاب آخرت کا بہت بڑا ہی کاشکے ہوتے جانتے
؍	؍	؍	إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُونَ ۝ ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُونَ ۝ تو بہی مرنے والا ہے اور تحقیق وہ بہی مرنے والے ہین پہر تحقیق تم دن قیامت کے نزدیک پروردگار اپنے کے جھگڑوگے
۲۴	؍	۵	اللَّهُ يَتَوَفَّى الْأَنْفُسَ حِينَ مَوْتِهَا (۔۔۔ يَتَفَكَّرُونَ ۝) اللہ قبض کرلیتا ہے جانون کو نزدیک موت انکی کے
؍	؍	؍	وَلَوْ أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ مِنْ سُوءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ اور اگر ہو واسطے ان لوگون کے کہ ظلم کرتے ہین جو کچھ بیچ زمین کے سارا اور مانند اسکی ساتھ اس کے البتہ بدلہ دیوین اس کو برائی عذاب کی سے دن قیامت کے ÷
؍	؍	؍	وَبَدَا لَهُمْ مِنَ اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ ۝ اور ظاہر ہو جاویگا واسطے ان کے اللہ کی طرف سے جو کچھ کہ نہ تھے گمان کرتے ÷
؍	؍	؍	وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝ اور ظاہر ہون گی واسطے ان کے برائیان اس چیز کی کہ کماتے تہے اور گہیر لیا انکو جو کچھ کہ تھے ساتھ اس کے ٹہٹھا کرتے ÷
؍	؍	۶	وَأَنِيبُوا إِلَىٰ رَبِّكُمْ (تا شش آیات بیان حسرت وقت رسیدن عذاب ہا وتمنا رجوع بسوے دنیا برائے نیکوکاری) اور رجوع کرو طرف پروردگار اپنے کی ÷
؍	؍	؍	وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ تَرَى الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَى اللَّهِ وُجُوهُهُمْ مُسْوَدَّةٌ ۚ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِلْمُتَكَبِّرِينَ ۝ اور دن قیامت کے دیکھے گا ان لوگون کو کہ جہوٹ بولتے ہین اوپر اللہ کے منہ ان کے کالے ہین کیا نہین ہے بیچ دوزخ کے جگہہ رہنے کی واسطے تکبر کرنیوالون کے ÷
؍	؍	؍	وَيُنَجِّي اللَّهُ الَّذِينَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ اور نجات دیگا اللہ ان لوگون کو کہ پرہیزگاری کرتے تہے ساتھ کامیابی ان کی کے نہ لگیگی ان کو برائی اور نہ وہ غمگین ہونگے

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۴	الزمر	〃	وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ (تا آخر رکوع بیان حالات عجیبہ روز قیامت) اور زمین ساری مٹھی مین ہے اسکی
〃	〃	〃	وَسِيْقَ الَّذِيْنَ (تا آخر رکوع بیان حالات ہر فریق وقت دخول جنت وگفتگوئی ملایکہ ودیگر حالات) اور ہانکے جاوینگے وہ لوگ ❊
〃	المؤمن	۲	يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ يَوْمَ هُمْ بَارِزُوْنَ ۚ ڈالتا ہے روح کو حکم اپنے سے اوپر جسکے چاہتا ہی بندون اپنے سے تو کہ ڈراوے دن ملاقات کرنے سے جسدن کہ وہ ظاہر ہونگے
〃	〃	〃	لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ۚ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۚ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۚ نہین چھپے گا اوپر اللہ کے انسے کچھ واسطے کس کے ہے بادشاہی اس دن واسطے اللہ اکیلے غالب کے ❊
〃	〃	〃	اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ ۚ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۚ اسدن بدلہ دیا جاویگا ہر جی جو کچھ کہ کماتا ہے نہین ظلم اسدن تحقیق اللہ جلد لینے والا ہے حساب کا ❊
〃	〃	〃	وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ۚ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ۚ اور ڈرا ان کو دن قیامت سے جس وقت کہ دل نزدیک ہونگے حلق کے غم سے بھر ہوئی نہین واسطے ظالمون کے کوئی دوست اور نہ شفاعت کرنیوالا کہ کہا اس کا مانا جاوے ❊
〃	〃	۳	اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ (تا چند آیات بیان عذاب در دنیا بسبب ذنوب وکفر) کیا نہین سیر کی انہون نے بیچ زمین کے ❊
〃	〃	۴	فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْۢ بَاْسِ اللّٰهِ (تا چند آیات بیان عذاب) پس کون مدد دیگا ہم کو عذاب اللہ کے سے ❊
〃	〃	〃	وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ (تا چند آیات بیان عذاب) اور کہا اس شخص نے کہ ایمان لایا تھا ای قوم میری تحقیق مین ڈرتا ہون ❊
〃	〃	۵	وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ۚ اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ اور گھیر لیا لوگون فرعون کو برے عذاب نے وہ آگ ہی کہ حاضر کیئے جاوینگے اوپر اس کے صبح اور شام ❊
〃	〃	〃	وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۚ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ۚ اور جسدن کہ قایم ہوگی قیامت کہا جاویگا کہ داخل کرو لوگون فرعون کے کو سخت عذاب مین ❊
〃	〃	۶	اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ۚ تحقیق البتہ ہم مدد دیتے ہین پیغمبرون اپنے کو اور ان لوگون کو کہ ایمان لائے بیچ زندگانی دنیا کے اور اس دن کہ کھڑے ہونگے گواہی دینے والے ❊
〃	〃	〃	يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ۚ جسدن کہ نہ نفع دیگا ظالمونکو

پارہ	سورہ	رکوع	مضمون
			عذر انکا اور واسطے ان کے لعنت ہے اور واسطے ان کے برائی ہے گہر کی ؛
۲۴	المؤمن	۶	اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ تحقیق قیامت البتہ آنیوالی ہے نہیں شک بیچ اس کے ولیکن بہت لوگ نہیں ایمان لاتے ؛
〃	〃	۸	فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ يُسْحَبُوْنَ فِي الْحَمِيْمِ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُوْنَ ۝ (تا چند آیات) پس البتہ جانیں گے جس وقت کہ طوق ہونگے بیچ گردنوں انکی کے اور زنجیریں کہسیٹے جاوینگے بیچ پانی گرم کے پہر بیچ آگ کے جہونکے جاوینگے ؛
〃	〃	〃	اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝ داخل ہو دروازوں بیچ دوزخ کے ہمیشہ رہنے والے بیچ اس کے پس بری ہے جگہ تکبر کرنے والوں کی ؛
〃	〃	〃	فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ۝ پس اگر دکھلاویں ہم تجھکو بعضی وہ چیز کہ وعدہ دیتے ہیں ہم ان کو یا قبض کر لیویں تجھکو پس طرف ہماری پہیرے جاوینگے ؛
〃	〃	۹	فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا (دو آیات تا الْكٰفِرُوْنَ ۝ قبول نشدن ایمان باس) پس جب دیکہا انہوں نے عذاب ہمارا
〃	حم السجدہ	۲	فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً (تا آخر رکوع بیان بعض عذابہائے سخت عاد و ثمود) پس اگر منہ پہیریں پس کہہ ڈراتا ہوں میں تم کو عذاب آسمان کے سے ؛
〃	〃	〃	وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝ اور البتہ عذاب آخرت کا بہت رسوا کرنے والا ہے اور وہ نہیں مدد کیے جاوینگے ؛
〃	〃	۳	وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ (تا آخر رکوع بیان اقسام شدن دوزخیان و گواہی دادن گوش و چشم و پوست و دیگر حالات) اور جسدن اکٹھے کیے جاوینگے دشمن اللہ کے طرف آگ کی پس وہ قسم قسم جدا کیے جاوینگے ؛
〃	〃	۴	اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ (تا ۳ آیات بشارت دادن ملائکہ وقت موت) تحقیق ان لوگوں نے کہ کہا انہوں نے پروردگار ہمارا اللہ ہے ؛
〃	〃	۵	وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ (تا آخر دلیل و نشان قیامت) اور نشانیوں اسکی سے ہے یہ کہ تو دیکھتا ہے زمین کو ؛
〃	〃	〃	اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ کیا پس جو کوئی کہ ڈالا جاوے بیچ آگ کے بہتر ہے یا وہ جو آوے امن سے دن قیامت کے کرو جو کچھ چاہو تم تحقیق وہ ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہو تم دیکھنے والا ہے ؛

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۵	حم السجدہ	۶	اِلَیْهِ یُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ طرف اسکی پہیرا جاتا ہے علم قیامت کا ÷
؍؍	؍؍	؍؍	وَیَوْمَ یُنَادِیْهِمْ اَیْنَ شُرَکَآءِیْ قَالُوْٓا اٰذَنّٰكَ مَا مِنَّا مِنْ شَهِیْدٍ ۚ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا کَانُوْا یَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِیْصٍ ۔ اور جس دن پکاریگا ان کو کہاں ہین شریک میرے کہین گے جتا دیا ہم نے تجھکو نہین ہم مین سے شاہد اس بات کا اور کہو یا گیا ان سے جو کچھ کہ تہے دعوے کرتے پہلے اس سے اور جانا انہون نے نہین واسطے ان کے جگہہ بہاگنے کی ÷
؍؍	؍؍	؍؍	فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۫ وَلَنُذِیْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِیْظٍ ۔ پس البتہ خبردار کرینگے ہم ان لوگون کو کہ کافر ہوئے ساتھ عمل انکے کے اور البتہ چکہاوینگے ہم ان کو عذاب گاڑہے سے
؍؍	الشوریٰ	۱	وَتُنْذِرَ یَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَیْبَ فِیْهِ ؕ فَرِیْقٌ فِی الْجَنَّةِ وَفَرِیْقٌ فِی السَّعِیْرِ ۔ اور ڈراوے تو دن اکٹھے کرنے کے سے نہین شک بیچ اسکے ایک فرقہ ہوگا بیچ بہشت کے اور ایک فرقہ ہوگا بیچ دوزخ کے
؍؍	؍؍	۲	وَمَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِیْبٌ ۔ اور کیا جانے تو شاید کہ قیامت نزدیک ہے ÷
؍؍	؍؍	؍؍	یَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَآ اِنَّ الَّذِیْنَ یُمَارُوْنَ فِی السَّاعَةِ لَفِیْ ضَلٰلٍۭ بَعِیْدٍ ۔ شتاب کرتے ہین ساتھ اسکے وہ لوگ کہ نہین ایمان لائے ساتھ اسکے اور جو لوگ کہ ایمان لائے ڈرتے ہین اس سے اور جانتے ہین کہ وہ حق ہے خبردار رہ تحقیق وہ لوگ کہ جہگڑتے ہین بیچ قیامت کے البتہ بیچ گمراہی دور کے ہین ÷
؍؍	؍؍	۵	وَتَرَی الظّٰلِمِیْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ یَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰی مَرَدٍّ مِّنْ سَبِیْلٍ ۔ اور دیکہے گا تو ظالمون کو جب دیکہین گے عذاب کہین گے کیا ہے طرف پہیر جانے کی کوئی راہ ÷
؍؍	؍؍	؍؍	وَتَرٰىهُمْ یُعْرَضُوْنَ عَلَیْهَا خٰشِعِیْنَ مِنَ الذُّلِّ یَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِیٍّ ؕ وَقَالَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِیْنَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِیْهِمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِیْنَ فِیْ عَذَابٍ مُّقِیْمٍ ۔ اور کہین گے وہ لوگ ایمان لائے تحقیق زیان پانے والے وہی شخص ہین کہ ٹوٹا دیا جانون اپنی کو اور لوگون اپنون کو دن قیامت کے خبردار ہو تحقیق ظالم بیچ عذاب ہمیشہ رہنے والے کے ہین ÷
؍؍	؍؍	؍؍	وَمَا کَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِیَآءَ یَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِیْلٍ ۔ اور نہین واسطے ان کے کوئی دوست کہ مدد دیوے ان کو سوای اللہ کے اور جسکو گمراہ کرے اللہ پس نہین واسطے اس کے کوئی راہ
؍؍	؍؍	؍؍	اِسْتَجِیْبُوْا لِرَبِّکُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا لَکُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ یَّوْمَئِذٍ وَّمَا لَکُمْ مِّنْ نَّکِیْرٍ ۔ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ حَفِیْظًا ؕ اِنْ عَلَیْكَ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ قبول کرو واسطے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			رب اپنے کے پہلے اس سے کہ آوے وہ دن اللہ کی طرف سے کہ پھیرا اسکو کوئی پھیرنے والا نہین واسطے تمہارے جگہہ پھر جانے کی اسدن اور نہین واسطے تمہاری انکار پس اگر منہ پھیرلیوین پس نہین بھیجا ہمنے تجھکو اوپر انکے نگہبان نہین اوپر تیرے مگر پہونچا دینا ❖
۲۵	الزخرف	۱	وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۔ اور تحقیق ہم طرف رب اپنے کی البتہ پھر جانے والے ہین ❖
″	″	۴	حَتّٰٓى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ۔ یہانتک کہ جب آویگا ہمارے پاس کہیگا ای کاشکے درمیان میرے اور درمیان تیرے دوری ہوتی دو مشرق کی سی پس برا ہمنشین ہے
″	″	″	وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِى الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ۔ اور ہرگز نہ نفع کریگا آج جسوقت ظلم کیا تمنے یہ کہ تم بیچ عذاب کے شریک ہو ❖
″	″	″	وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ تُسْئَلُوْنَ ۔ اور تحقیق یہ ذکر ہے واسطے تیری اور واسطے قوم تیری کے اور البتہ سوال کیئے جاؤگے تم ❖
″	″	۶	فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ۔ پس ویل ہے واسطے ان لوگون کے ظلم کرتے ہین عذاب دن درد دینے والے کے سے ❖
″	″	″	هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۔ نہین انتظار کرتے مگر قیامت کا یہ کہ آوے انکے پاس ناگہان اور وہ نہین سمجھتے ہون
″	″	″	اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ۔ دوست اس دن بعضے انکے بعضون کے دشمن ہونگے مگر پرہیزگار ❖
″	″	۷	يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ۔ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ای بندو میرے نہین ڈر اوپر تمہارے آجکے دن اور نہ غمگین ہوگے جو لوگ کہ ایمان لائے ساتھ نشانیون ہماری کے اور مسلمان ❖
″	″	″	اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ۔ (تا چند آیات) داخل ہو بہشت مین تم اور بیبیان تمہاری کہ بناؤ کروائے جاؤگے ❖
″	″	″	وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۔ اور نزدیک اسکے علم قیامت کا اور طرف اسکی پھر جاؤگے
″	الدخان	۱	فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِى السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۙ يَّغْشَى النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۔ پس منتظر رہ اسدن کا کہ لاویگا آسمان دہوان ظاہر ڈہانک لیویگا لوگون کو یہ ہے عذاب درد دینے والا ❖
″	″	″	رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۔ (تا چند آیات تا عَآئِدُوْنَ ۔) ای پروردگار ہمارے کہولدے

متن	رکوع	سورۃ	پارہ
ہم سے عذاب تحقیق ہم مسلمان ہیں ÷			
يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ۞ جسدن پکڑیں گے ہم پکڑنا بڑا تحقیق ہم بدلہ لینے والے ہیں	١	الدخان	٢٥
اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۞ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۞ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۞ تحقیق دن جدا کرنے کا وعدہ ہے انکا سب کا جسدن کہ نہیں کفایت کریگا کوئی دوست کسی دوست سے کچھ اور نہ مدد دیے جاوینگے مگر جسکو رحمت کی اللہ نے تحقیق وہ غالب ہے مہربان ÷	٢	"	"
قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۞ کہہ کہ اللہ ہی زندہ کریگا تم کو پھر ماریگا تم کو پھر اکٹھا کریگا تم کو طرف دن قیامت کی نہیں شک بیچ اس کے اور لیکن بہت لوگ نہیں جانتے ÷	٣	الجاثیہ	"
وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَىِٕذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ۞ اور واسطے اللہ کے ہی بادشاہی آسمانوں کی اور زمین کی اور جسدن کہ قائم ہوگی قیامت اس دن زیان پاوینگے جھوٹے	٤	"	"
وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۣ كُلُّ اُمَّةٍ تُدْعٰٓى اِلٰى كِتٰبِهَا ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۞ اور دیکھیگا تو ہر ایک امت زانو پر گری ہوئی پکاری جاویگی طرف اعمال نامہ اپنی کی آج جزا دیے جاؤگے تم جو کچھ تھے تم کرتے ÷	"	"	"
هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۞ یہ ہے کتاب ہماری بولتی ہے اوپر تمہارے ساتھ حق کے تحقیق ہم لکھتے تھے جو کچھ تھے تم کرتے ÷	"	"	"
فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۞ پس جو لوگ کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے پس داخل کریگا ان کو رب انکا بیچ رحمت اپنی کے یہ ہے وہ مراد پانا ظاہر ÷	"	"	"
وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۣ اَفَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ۞ اور جو لوگ کہ کافر ہوئے کہا جاویگا کیا پس نہ تھیں آیتیں میری پڑھی جاتیں اوپر تمہارے پس تکبر کیا تم نے اور تھے تم قوم گنہگار	"	"	"
وَاِذَا قِيْلَ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ۞ اور جب کہا جاتا ہے تحقیق وعدہ اللہ کا سچ ہے اور قیامت نہیں شک بیچ اس کے کہتے تھے تم نہیں جانتے ہم کیا ہے قیامت نہیں گمان کرتے ہم مگر گمان تھوڑا اور نہیں ہم یقین لانے والے ÷	"	"	"
وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۞ اور ظاہر ہوئیں واسطے انکے	"	"	"

پارہ	سورۃ	رکوع	
			برائیاں اس چیز کی کہ تھے کرتے اور گھیر لیا ان کو اس چیز نے کہ تھے وہ ساتھ اس کے ٹھٹھا کرتے ۔
۲۵	الجاثیہ	۴	وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَٰذَا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ ۔ اور کہا جاوے گا آج بھولجاوینگے ہم تم کو جیسا کہ بھول گئے تم ملاقات ہماری اس دن کی کو اور جگہہ تمہاری آگ ہے اور نہیں واسطے تمہارے کوئی مدد دینے والا ۔
؎	؎	؎	ذَٰلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ۔ فَلِلَّهِ الْحَمْدُ (تا آخر) یہ سبب اسکے ہے کہ پکڑا تھا تم نے نشانیوں اللہ کی کو ٹھٹھا اور فریب دیا تم کو زندگانی دنیا کی نے پس آج نہ نکالے جاوینگے اس سے اور نہ وہ عذر قبول کیے جاوینگے پس واسطے اللہ ہی کے ہے تعریف ۔
۲۶	الاحقاف	۱	وَإِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوا لَهُمْ أَعْدَاءً وَكَانُوا بِعِبَادَتِهِمْ كَافِرِينَ ۔ اور جبوقت اکٹھے کئے جاوینگے لوگ ہونگے وہ بت واسطے انکے دشمن اور ہونگے عبادت انکی کو انکار کرنے والے ۔
؎	؎	۲	وَالَّذِي قَالَ لِوَالِدَيْهِ (دو آیت تا) لَا يُظْلَمُونَ ۔ بیان حال منکران قیامت و بے ادب والدین اور جس نے کہا واسطے ماں باپ اپنے کے ۔
؎	؎	؎	وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِينَ كَفَرُوا (خرابی متنعمان و مستکبران و فاسقان) اور جسدن کہ روبرو لائے جاوینگے وہ لوگ کہ کافر ہوئے ۔
؎	؎	۳	إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ۔ (چند آیات از بیش و پس تا یستہزؤن ۔ بیان عذاب عاد) تحقیق میں ڈرتا ہوں اوپر تمہارے عذاب دن بڑے کے سے ۔
؎	؎	۴	أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَن يُحْيِيَ الْمَوْتَىٰ بَلَىٰ إِنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۔ کیا نہ دیکھا انہوں نے یہ کہ اللہ جسنے پیدا کیا ہے آسمانوں کو اور زمین کو اور نہ تھکا ساتھ پیدا کرنے انکے کے قادر ہے اوپر اسکے کہ زندہ کرے مردوں کو نہیں بلکہ وہ تحقیق اوپر ہر چیز کے قادر ہے ۔
؎	؎	؎	وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِينَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ أَلَيْسَ هَٰذَا بِالْحَقِّ قَالُوا بَلَىٰ وَرَبِّنَا قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ۔ اور جسدن کہ روبرو کئے جاوینگے وہ لوگ کہ کافر ہوئے اوپر آگ کے کیا نہیں یہ حق کہیں گے نہیں بلکہ حق ہے قسم ہے پروردگار ہمارے کی کہیگا حق تعالیٰ پس چکھو عذاب سبب اسکے کہ تھے تم کفر کرتے ۔
؎	؎	؎	كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّن نَّهَارٍ بَلَاغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ

پارہ	سورۃ	رکوع	
			اَلْفٰسِقُوْنَ ٥ گویا کہ وہ جبدن دیکہینگے جو کچہ کہ وعدہ دیئے جاتے ہین نہین ڈہیل کی انہون نے مگر ایک ساعت دن کی سے پہونچانا ہے پیغام کا پس نہین ہلاک کئے جاوینگے مگر قوم فاسق ÷
٢٦	محمّد	٢	وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ٥ اور بہت بستیان تہین کہ وہ سخت تہین قوت مین بستی تیری سے جس نے نکالدیا تجہکو ہلاک کیا ہمنے ان کو پس کوئی نہوا مدد دینے والا ان کو ÷
